مولانا عبد الماجد دریابادی کے ہفتہ وار

صدق

کا

توضیحی اشاریہ

ترتیب

عبد العلیم قدوائی

خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری۔ پٹنہ

مولانا عبدالماجد دریابادی کے ہفتہ وار

صدق

کا توضیحی اشاریہ

ترتیب

عبدالعلیم قدوائی

خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری۔ پٹنہ

اشاعت: ۲۰۰۳ء
قیمت : -/۴۰۰ روپے

طابع وناشر: خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ-۴

حرفِ آغاز

اردو کے ادیب شہیر، نامور عالم دین، صاحب طرز ادیب، انشاء پرداز، خطیب صحافی اور مفسر قرآن مولانا عبدالماجد دریابادی نے اردو زبان وادب کی مختلف انداز سے خدمت انجام دی اور اس کے دامن کوئی وسعتوں سے آشنا کیا۔ ان کی صحافت ایک خاص مرتبہ اور منفرد منہج کی حامل ہے۔ یہ وہ میدان ہے جس میں انہوں نے سب سے زیادہ روشن اور دیرپا نقوش چھوڑے۔ ان کا صحافتی سفر بہت طویل اور عہد ساز ہے۔ انہوں نے ۱۹۲۵ میں لکھنؤ سے ہفت روزہ 'سچ' نکالا۔ جو ۱۹۳۳ء تک پابندی سے نکلتا رہا۔ اس کے بعد اپنی گوناگوں مصروفیتوں کے سبب مولانا نے اسے بند کر دیا۔ دراصل اس زمانے میں وہ قرآن کریم کی انگریزی میں تفسیر لکھ رہے تھے اور ہمہ وقت اسی میں مصروف رہتے تھے۔ اسی لیے ان کی دوسری ادبی سرگرمیاں پس پشت پڑ گئی تھیں۔ سچ جاری کرنے سے قبل وہ مولانا محمد علی جوہر کے ہفت روزہ ہمدرد سے بھی متعلق رہے تھے۔ اس طرح انہوں نے اپنی ادبی زندگی کا آغاز صحیح معنیٰ میں صحافت ہی سے کیا تھا۔

مئی ۱۹۳۵ء میں مولانا نے 'سچ' کا نقش ثانی 'صدق' جاری کیا۔ یہ نقش اول سے بہتر ثابت ہوا۔ اس کی عمر بھی زیادہ ہوئی۔ یہ بھی بنیادی طور پر ادبی، علمی، اور اصلاحی پرچہ تھا۔ اسی کے ساتھ اس پر رنگ بھی غالب تھا۔ جو ایک فطری بات تھی۔ البتہ وقت اور حالات کے پیش نظر کبھی اس میں سیاست کی رنگ آمیزی بھی ہو جاتی تھی۔ یہاں مولانا کا ظریفانہ اور طنزیہ لہجہ نقطۂ عروج پر نظر آتا ہے۔ اسے عوام وخواص میں خاصی مقبولیت حاصل تھی۔ یہ بھی ہفتہ وار تھا اور 'سچ' کی طرح بڑے سائز پر طبع ہوتا تھا۔ دراصل اُس زمانے میں ہفت روزہ اخباروں کا یہی سائز متعین ہو گیا تھا۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ الہلال، البلاغ، ہمدرد، اتحاد وغیرہ تمام ہفت روزہ اخبار کم وبیش اسی سائز پر نکلتے تھے۔

'صدق' اگست ۱۹۵۰ تک جاری رہا۔ اس کے بعد یہ قصۂ پارینہ بن گیا۔ اپنی سترہ سالہ زندگی میں اس نے بہت سے معرکے سر کیے۔ مولانا نیشنلسٹ خیالات کے انسان تھے۔ ہمیشہ کانگریس کے ہمنوا رہے۔ اسی اخبار کے ذریعہ انہوں نے ہندوستان کی آزادی کی جنگ لڑی اور آزادی کے بعد ملک میں رونما ہونے والے مسلم کش فسادات، اقلیتوں کے ساتھ کی جانے والی ناانصافیوں، ان کی زبان اور تہذیب کو ختم کرنے کی کوششوں اور ان کے تشخص کو نا کردینے کے ناپاک عزائم کے خلاف پوری قوت سے علم جہاد بلند کیا۔ ان کا ہر اخبار، چاہے وہ 'سچ' ہو، 'صدق' ہو یا 'صدق جدید' اسم بامسمیٰ رہا۔ اس نے حق بات کہنے میں کبھی دریغ نہ کی، سچ کہنے سے منہ نہ موڑا۔ اسی لیے بیگانے تو ہمیشہ اس سے ناخوش ہی رہے، کبھی کبھی اپنے بھی خفا ہو جاتے تھے۔ انہوں نے حالات سے مغلوب ہونا سیکھا ہی نہ تھا۔ انہوں نے کسی کی خوشنودی یا ناراضگی کی کبھی پرواہ نہ کی۔ جو بات ان کے نزدیک حق اور سچ ہوتی، اس کا برملا اظہار کرتے اور اس طرح قلم سے تلوار کا کام لیتے رہے۔

مولانا کے جاری کردہ اخبارات قوم کی میراث ہیں، ادب کا قابل قدر سرمایہ ہیں اور ہندوستان میں اردو صحافت کی سنہری کڑی ہیں۔ ان کو محفوظ رکھنا قومی فریضہ ہے۔ خدا بخش لائبریری میں ان کے بیشتر فائل موجود ہیں۔ لیکن ان کا کاغذ چوں کہ اعلیٰ قسم کا نہیں ہے اس لیے اس پر کہنگی کے آثار نمایاں ہوتے جا رہے ہیں۔ لیکن ان کے مشمولات کی حیثیت دائمی ہے۔ لہٰذا ان کے بارے میں اطلاعات کو عام کرنا ضروری ہے۔ اس کا بہترین ذریعہ توضیحی اور تجزیاتی اشاریہ ہے۔ چنانچہ خدا بخش لائبریری نے اس سلسلہ میں پہل کی اور ۲۰۰۰ء میں سچ کا توضیحی اشاریہ شایع کیا۔ اب اس سلسلہ کی دوسری کڑی کے طور پر 'صدق' کا تجزیاتی اور توضیحی اشاریہ ہدیۂ ناظرین کیا جاتا ہے۔ ان شاء اللہ جلد ہی 'صدق جدید' کا اشاریہ بھی شایع کر دیا جائے گا۔

ہم ممنون ہیں جناب عبدالعلیم قدوائی کے جنھوں نے ہماری درخواست پر یہ اشاریہ تیار کیا ہے۔ سچ کا اشاریہ بھی آپ ہی نے مرتب کیا تھا۔ اس میں تمام اندراجات کو بنیادی طور پر موضوع کے اعتبار سے ترتیب دیا گیا ہے۔ قدوائی صاحب نے اسے بڑی محنت اور ژرف نگاہی سے تیار کیا ہے۔ اس کی کما حقہ داد وہی حضرات دے سکتے ہیں جو اس فن سے واقفیت رکھتے ہیں اور اس کی باریکیوں کو سمجھتے ہیں۔ ہمیں توقع ہے کہ علمی و ادبی حلقوں میں اس اشاریے کی خاطر خواہ پذیرائی ہوگی اور اسے حسن قبول حاصل ہوگا۔

ڈاکٹر محمد ضیاء الدین انصاری
ڈائرکٹر

مقدمہ

براعظم صغیر کے مشہور صحافی اور انشاپرداز عالم مولانا عبدالماجد صاحب دریابادی مرحوم نے اپنا مقبول ہفتہ وار سچ ۱۹۳۳ء میں انگریزی ترجمہ و تفسیر قرآن کی مشغولیت کی وجہ سے بند کر دیا تھا، دو سال کے بعد انھوں نے دوسرا ہفتہ وار صدق مئی ۱۹۳۵ء سے نکالنا شروع کیا جو اگست ۱۹۵۰ء تک لکھنؤ سے نکلتا رہا۔ حالانکہ مرحوم کا قیام، مستقل قصبہ دریاباد بارہ بنکی میں رہتا تھا۔ اخبار کی اشاعت، طباعت اور دیگر انتظامی امور کا تعلق عبدالرؤف عباسی صاحب سے تھا جو خود روزنامہ حق نکالتے تھے اور حسن پرنٹنگ پریس کے مالک تھے۔

سچ کے تجزیاتی اشاریے خدا بخش لائبریری پٹنہ کی عنایت اور توجہ سے شائع ہو چکے ہیں اور ادب و صحافت کی دنیا میں انشاءاللہ ان سے اور مفید تحقیقی کام لیے جائیں گے اس مجلّہ میں ہفتہ وار صدق کے ۱۶ سال کے تجزیاتی اشاریے الف بائی ترتیب کے ساتھ اس خاکسار نے مرتب کیے ہیں جو جلد ہی خدا بخش لائبریری کے حسن توسط سے شائع ہو جائیں گے۔

صدق، سچ کا نقش ثانی ہر لحاظ سے ثابت ہوا گو اس کا کاغذ اور طباعت معمولی درجہ کی تھی اور کتابت کی غلطیاں بھی ہوتی تھیں لیکن معنویت اور حسن انشاپردازی اور اعلیٰ معیار کی وجہ سے اس کا اردو صحافت میں بلند مقام حاصل تھا۔ چنانچہ اس کی سچی باتیں شذرات اور مقالات بکثرت اردو اخبارات اور رسائل میں نقل ہوتے تھے اور مذہبی، ادبی اور علمی حلقوں میں بڑی وقعت سے دیکھا جاتا تھا۔ صدق کی پیشانی پر قرآن مجید کی یہ آیت پابندی سے لکھی جاتی تھی : والذی جاء بالصدق و صدق به اولئك هم المتقون۔ صدق نے اپنی پوری زندگی اسی آیہ کریمہ پر عمل کرنے کی کوشش کی۔ اپنے پیش رو سچ کی طرح صدق بھی ایک نیم مذہبی، ادبی علمی اور اصلاحی پرچہ رہا۔ البتہ وقت کی رفتار اور حالات کے پیش نظر اس کے لہجہ اور روّیہ میں ضرور فرق آیا۔ سچ کے لب و لہجہ میں خطابت کا زور تندی اور جذبات کی شدت پائی جاتی تھی، اس کے مقابلہ میں صدق نے اعتدال، توازن اور ہوش کو جوش پر فوقیت دی لیکن اس نے احتساب کے فرض سے کبھی روگردانی نہ کی اور بڑی بے باکی اور دلیری سے کلمہ حق بلند کرتا رہا۔ صدق کی زندگی میں کئی موقعے آئے جب اس نے اسلام اور اسلامی تشخص، مسلم تہذیب و ثقافت پر حملوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا اور اردو ہندوستانی مسلمانوں کے حقوق، سیکولرزم کی خلاف ورزی، فرقہ وارانہ تعصب، مشترک ہندوستانی کلچر کو ختم کرنے کی کوششوں، ملحدانہ شاعری، فحاشی اور ترقی پسند ادب کے خلاف قلمی جہاد پوری طاقت سے چھیڑ دیا۔ ان تمام مقابلوں میں مسلم پریس کی اکثریت نے صدق کی ہم نوائی کی۔ تقسیم ملک اور آزادی کے بعد کئی

سال صدق پر بہت سخت گذرے، مسلمانان ہند کو بڑی مصیبتوں کا سامنا کرنا پڑا اور جس طرح سچ تے فرنگی تہذیب و ثقافت سے مرعوبیت کے خلاف منظم لڑائی چھیڑی تھی اسی طرح بلکہ شاید اس سے بھی بڑھ کر صدق نے جہنداور ذہنی مرعوبیت اور ملی ارتداد کے فتنوں کا مقابلہ کیا اور بعض وقت تو یکہ و تنہا بادِ مخالف کے سامنے حق و صداقت کا چراغ جلائے رکھا۔ ملکی حکومت جو گاندھی جی کی نام لیوا تھی اور کانگریس کے اصولوں پر چلنے کی دعویدار تھی، نے صدق کی روش و مسلک کو پسند نہ کیا۔ خاص کر سقوط حیدرآباد کے زمانہ میں صدق اور مدیر صدق کو شکوک و شبہات کی نظروں سے دیکھا گیا اور دو تین بار سرکاری طور پر تنبیہ بھی دی گئی لیکن صدق نے اس کی پرواہ نہ کی۔ یہ امر البتہ حیرت انگیز بھی ہے اور قابل تعریف بھی کہ ان مساعد حالات میں مولانا مرحوم کے قلم سے نکلی ہوئی کسی عبارت یا لفظ پر قانونی گرفت نہ ہو سکی اور وہ آزادی سے حالات حاضرہ پر لکھتے رہے اور حکومت پر اخلاص و خیر خواہی کے ساتھ تنقید کرتے رہے۔

مولانا مرحوم مولانا محمد علی جوہر کی معیت میں تحریک خلافت میں حصہ لے چکے تھے اور مہاتما گاندھی پنڈت موتی لال نہرو، جواہر لال نہرو، ڈاکٹر سید محمود، شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنی، مولانا ابوالکلام آزاد اور دیگر زعماء کانگریس و اکابر جمعیۃ العلماء سے خاصے تعلقات رکھ چکے تھے۔ پھر بھی ملکی حکومت کی لغزشوں اور غلط پالیسیوں پر پورا احتساب رکھتے تھے۔ ان کو توقع تھی کہ آزادی کے بعد ملک کو صحیح معنوں میں سوراج اور حقیقی رام راجیہ مل جائے گا اور سیکولرزم پر ایمانداری سے عمل کیا جائے گا، لیکن ان کی ساری توقعات باطل ثابت ہوئیں۔ تقسیم ملک کے افسوسناک اثرات، خونین فسادات، ہندوستانی مسلمانوں کی ذہنی مرعوبیت اور شکست خوردہ ذہنیت نے ان کے دل و دماغ کو بری طرح متاثر کیا اور انھوں نے ہندوستانی مسلمانوں کی نمائندگی اور ان کے خوف و ہراس کو دور کرنے کے لیے اپنی قلمی اور صحافتی صلاحیتوں کو پوری طرح لگا دیا۔ اس دور میں صدق کا سب سے بڑا کارنامہ یہ تھا کہ اس نے ایک بے سری فوج کو جو امید و اعتماد سے محروم ہو چکی تھی بڑا سہارا دیا اور ان کو صراط مستقیم دکھائی۔ مسئلہ پاکستان کے بارے میں صدق کا مسلک یہ تھا کہ جب انتخابات میں مسلم لیگ کو مسٹر محمد علی جناح کی زیر قیادت زبردست کامیابی حاصل ہوئی اور آزاد مسلم مملکت کے خواب جو علامہ اقبال، بہادر یار جنگ اور دیگر دردمند مسلم زعماء نے دیکھے تھے پورے ہونے کی شکل نظر آنے لگی تو اس نے اصولی طور پر اس کی تائید کی اور یہ توقع ظاہر کی کہ یہ مملکت صحیح معنوں میں اسلامی ہوگی اور شریعت کے قانون کے مطابق بے حجابی، شراب نوشی و اخلاقی بے راہ روی کا قلع قمع کر کے ملک کے باشندوں کو انصاف اور امن دے گی اور پڑوسی ملک ہندوستان سے دوستانہ اور مخلصانہ تعلقات ہر قسم کی قائم کرے گی۔ لیکن یہ توقعات ذرہ برابر بھی پوری نہ ہوئیں اور پاکستان نام کا مسلمان ملک بن کر رہ گیا اور جہاں فرنگی تمدن کی نقالی اور شریعت اسلامی کی کھلی خلاف ورزی کے نمونوں کو دیکھ کر مولانا مرحوم کو بڑا صدمہ ہوا اور وہ اس مایوسی کا اظہار صدق میں برابر کرتے رہے۔

لیکن صدق کے شذرات اور اپنی تحریروں میں وہ اس پر زور دیتے رہے کہ دونوں مملکتوں کو اچھے پڑوسیوں کی طرح رہنا چاہیے۔ ہندوستانی مسلمانوں سے طبقہ اکثریت جس میں حکومت کے بعض ارکان بھی شامل تھے کے مطالبہ وفاداری کی صدق نے بڑی زور و شور سے مخالفت کی اور دو قومی نظریہ کی عملی تشریح کی۔ اردو کے ساتھ کی جانے والی

ناانصافیوں کو انھوں نے ظلم عظیم سے تعبیر کیا اور گاندھی جی، جواہر لال نہرو اور زعماء کانگریس کی یقین دہانیوں کا بار بار حوالہ دیتے رہے۔ غیر مسلموں کی اردو خدمات، اردو میں ہندی الفاظ اور گاندھی جی کے نظریوں کو انھوں نے بڑی صفائی اور وضاحت سے پیش کیا۔ اسی طرح ذبیحہ پر پابندی، مسلمانوں کے ساتھ ملازمتوں اور دیگر شعبہ ہائے زندگی میں کی جانے والی ناانصافیوں اور زیادتیوں کے خلاف برابر حکومت وقت اور اکثریت کو ان کے فرائض یاد دلاتے رہے۔ یہ کام ظاہر ہے آسان نہ تھا مگر صدق نے محدود وسائل کے باوجود پورے طور پر اس کو انجام دیا۔

صدق کی ہیئت ظاہری اور طباعت وغیرہ سچ ہی کی طرح تھی۔ البتہ پرچے کی ترتیب اور مضامین کے انتخاب میں مولانا مرحوم بالکل آزاد تھے۔ چنانچہ صفحہ اول پر 'سچی باتوں' کا سلسلہ شروع کیا جو اپنے تنوع اور افادیت کے لحاظ سے اردو صحافت میں خاصے کی چیز تھی۔ اس میں کلام مجید، حدیث، اقوال اولیاء بزرگان دین، مثنوی روم، اقبال، اکبر کے اشعار دنیا کے عبرت ناک حالات، سائنسی ایجادات، روزمرہ کے معاملات، اخلاقیات و معاملات کے مضامین ہوتے تھے جن سے پڑھنے والوں کو بڑا فائدہ پہنچتا تھا اس کے بعد شذرات ہوتے تھے جس میں ملکی و غیر ملکی حالات پر تبصرہ ہوتا تھا۔ علمی و تہذیبی و ادبی خبریں ہوتی تھیں اور ان پر مولانا مرحوم کا مختصر دو تین سطری چٹپٹا دلچسپ تجزیہ و تبصرہ، شذرات کی سرخیاں خاص طور پر بولتی ہوئی اور موضوع سے براہ راست تعلق رکھتی تھیں۔ صحافت میں سرخی جمانے کی بڑی اہمیت ہے کیونکہ اس کے ذریعہ صحافی اپنے موقف اور خبر کو مختصر ترین اور موثر ترین لفظوں میں قاری تک پہنچاتا ہے اور اس کو پورے طور پر متاثر کرتا ہے۔ مولانا مرحوم کو اس فن میں کمال درک حاصل تھا۔ بعض اوقات وہ اردو اور فارسی کے برجستہ اور حسب حال مصرعوں سے بڑا کام لیتے تھے۔ صدق کی مقبولیت اور رجعیت میں بڑا دخل ان سرخیوں کو ہی تھا۔ صدق کا عام مسلک پاکستان یا دیگر ممالک کی سیاسیات یا اندرونی معاملات میں دخل دینے کا تھا البتہ دینی، تہذیبی، ملی اور جن معاملات سے مسلمانوں کو تعلق ہوتا تھا ان کا ضرور نوٹس لیتا تھا اور رائے زنی کرتا تھا۔ یہ چیز آزادی اور تقسیم ملک کے بعد اور نمایاں اور واضح ہوئی جب ہندوستانی مسلمان سے اکثریت کے طبقہ نے وفاداری کا مطالبہ شروع کیا اور ذو قومی نظریہ کی عمومی خدمت نیشنلسٹ حلقوں کی طرف سے کی جانے لگی۔ صدق نے بڑی جرأت اور صفائی سے یہ نقطہ نظر پیش کیا کہ ہندوستانی مسلمانوں کی وطنی وفاداری اپنے ملک کے ساتھ ہوتی ہے جب ان کے ملی اور تہذیبی تعلقات ملت اسلامیہ کے دیگر ممالک سے ہوتے ہیں اور ان دونوں قسم کے تعلقات میں نہ تو کوئی تضاد ہے اور نہ کوئی قانونی اور سیاسی قباحت

شذرات کے بعد صدق میں ترجمہ و تفسیر قرآن کا مستقل کالم ہوتا تھا جس میں تفسیر ماجدی کے اقتباس ہوتے تھے۔ اس کے بعد دینی، علمی اور کبھی کبھی ادبی مضامین اور مقالات ہوتے تھے۔ صدق کے مقالہ نگاروں میں علامہ سید سلیمان ندوی، مولانا مناظر احسن گیلانی، مولانا ابوالاعلیٰ مودودی، عبداللہ شاہ قادری، صوفی نذیر احمد وغیرہ شامل تھے، کتابوں اور رسائل پر تبصرہ مستقل عنوان، نئی کتابیں اور رسید کتب کے تحت کیا جاتا تھا اور صدق کے تبصروں کو خاص وقعت کی نظر سے دیکھا جاتا تھا، قارئین صدق کے اخلاقی، ذاتی اور روحانی الجھنوں کو حل کرنے کے لیے مولانا نے ایک مستقل عنوان مشورے اور گزارشیں کے نام سے قائم کیا تھا اور اس میں وہ خاص دلچسپی لیتے تھے، خود ان کے بقول اس کالم میں ایک پرانا مریض اپنے تجربات کی روشنی میں دوسرے

مریضوں کو تسلی و تشفی دیتا ہے اور مجرب نسخے تجویز کرتا ہے۔یہ عنوان بھی بڑا مقبول ہوا۔

صدق کے اس دور میں ریڈیو نشریوں کو بھی جگہ دی گئی۔ مولانا مرحوم نے غالباً پہلے ہندوستانی مسلمان عالم تھے جنھوں نے ریڈیو پر جاکر مذہبی، ادبی اور اصلاحی عنوانات پر اپنے مخصوص عام فہم انداز میں تقریر نشر کرنا شروع کیں اور ملک و ملت کی خدمت اس اہم ذریعہ ابلاغ کی معرفت انجام دیں۔ کچھ عرصہ بعد انھوں نے مشق کر کے تقریر نشر کرنے کا مخصوص انداز اور لہجہ اختیار کیا جو نہایت پسند کیا گیا اور خود محکمہ ریڈیو نے بھی اس کی کھل کر داد دی۔ ان کا کہنا تھا کہ ریڈیو کا نشریہ (Talk) لکھے ہوئے مقالہ یا تقریر یا رٹے ہوئے سبق سے مختلف چیز ہے اور اس کے آداب و قیود الگ ہوتے ہیں۔ مولانا کا پہلا نشریہ ہماری زندگی اور اس کے رنگ ڈھنگ ۱۹۳۸ء میں لکھنؤ ریڈیو سے نشر ہوا پھر غالب کا فلسفہ، عید الفطر، عید الاضحیٰ، قرآن کیا ہے؟، امیر خسرو، نظیر اکبر آبادی، اقبال، محمد علی وغیرہ پر وقتاً فوقتاً لکھنؤ ریڈیو سے اور کبھی دہلی ریڈیو سے تقریریں نشر ہوتی رہیں جن کو صدق میں نقل کیا جاتا تھا۔ ان نشریوں کے علاوہ خود مولانا مرحوم مختلف مذہبی، علمی اور ادبی مقالات صدق کے لیے لکھتے تھے۔ ۱۹۴۷ء کے آس پاس صدق میں سیاسی موضوعات پر کثرت سے مضامین ملتے ہیں کیونکہ اس وقت ہندوستانی مسلمانوں پر سخت مصیبت کا وقت آیا ہوا تھا اور وفاداری کے مطالبے مختلف حلقوں سے کیے جارہے تھے اور وہ بری طرح سے ذہنی مرعوبیت، ہراس اور احساس کمتری کا شکار تھے۔ اس موقع پر روزنامہ قومی آواز لکھنؤ جو حیات اللہ انصاری صاحب کے زیر ادارت نکلتا تھا اور کانگریس کا ترجمان سمجھا جاتا تھا ذکر ضروری ہے کیونکہ اس نے دو قومی نظریہ کی کھل کر مخالفت کی اور پرانے مسلم لیگیوں سے ملک اور دستور کے ساتھ وفاداری کا مطالبہ کیا۔ صدق نے اس نقطہ نظر سے اختلاف کیا اور اس بات پر زور دیا کہ جب الوطنی اور اسلامی عصبیت میں ہرگز کوئی ٹکراؤ نہیں اور ہندوستانی مسلمان ایک الگ مذہبی اور تہذیبی تشخص رکھتے ہیں۔ اپنی حمایت میں انھوں نے مولانا ابوالکلام آزاد، ڈاکٹر سید محمود، رفیع احمد قدوائی اور دیگر متعدد نیشنلسٹ مسلمانوں کا حوالہ دیا۔ یہ بحث موضوعاتی اعتبار سے معلومات افزا ہونے کے ساتھ ساتھ ادبی چاشنی اور دلچسپی رکھتی تھی۔ قومی آواز روزانہ پرچہ تھا اس کے لیے اداریوں اور مضامین کے جواب میں ہفتہ وار صدق میں مختصر مگر کافی وشافی جوابات نکلتے تھے بعض دفعہ برجستہ مصرعہ یا شعر سے موقف کی تائید کی جاتی تھی۔

تحریک جماعت اسلامی جو مولانا ابوالاعلیٰ مودودی نے ۱۹۳۸ء میں حکومت الٰہیہ قائم کرنے کی غرض سے شروع کی تھی اور اس سلسلہ میں صدق میں اس تحریک کے خاکہ اور تفصیلات کے بارے میں مضامین بھی لکھتے تھے، یہ تحریک مذہبی ہونے کے ساتھ ساتھ اصلاحی اور علمی بھی تھی چنانچہ مولانا مرحوم، علامہ سید سلیمان ندوی، مولانا مناظر احسن گیلانی اور دیگر دردمند اہل علم حضرات نے اس تحریک کا خیر مقدم کیا۔ لیکن رفتہ رفتہ اس تحریک نے دعوت اور امارت کے پیرایہ میں ایک غالی اور جارحانہ سیاسی انداز فکر اختیار کیا اور امیر جماعت مولانا مودودی کو ایسا مفکر و مصلح اعظم بناکر پیش کیا جس کی تقلید جماعت کے لیے لازمی شرط تھی، تحریک کی اس نئی شکل سے مولانا مرحوم، علامہ سید سلیمان ندوی اور مولانا مناظر گیلانی وغیرہ نے اتفاق نہ کیا اور اس کی کمزوریوں اور مفاسد پر صدق میں مفصل مضامین نکلے جن میں خود مولانا مرحوم کے مضامین اور شذرات بھی شامل تھے۔

اسی طرح نیاز فتح پوری مدیر نگار نے ۱۹۴۰ء-۱۹۴۱ء میں انکار حدیث اور قرآن کی عجیب و غریب تشریح پر مضامین شائع کیے جن کا صدق نے فوراً نوٹس لیا اور فتنہ نگار کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ جس کے نتیجہ میں مملکت آصفی میں نگار کا داخلہ بند ہوا اور عام مسلمانوں نے بھی رسالہ کی خریداری ترک کی اور ۱۹۳۱ء کی طرح نیاز صاحب کو ملت سے پھر معافی مانگنا پڑی۔

تقسیم ملک اور آزادی کے بعد جو غیر معمولی اور نامساعد حالات پیش آئے اس کا بڑا گہرا اثر مولانا مرحوم اور صدق پر پڑا۔ ۱۹۴۸ء میں سقوط حیدر آباد سے ان کو سخت ذہنی تکلیف ہوئی۔ صدق کے جو خریدار پاکستان اور حیدر آباد میں تھے وہ تقریباً سب ختم ہوگئے، مملکت آصفیہ مسلم تہذیب و ثقافت کی یادگار تھی گو ناقص سہی اس کے ختم ہونے کا مولانا کو بڑا رنج ہوا جس کا ذکر وہ وقتاً فوقتاً صدق میں کرتے رہے۔

صدق کی طباعت، اشاعت اور انتظامی امور کا تعلق عبدالرؤف عباسی صاحب ایڈیٹر روزنامہ حق سے تھا۔ مولانا کو طبعی طور پر ان چیزوں سے کوئی مناسبت نہیں تھی اس لیے انھوں نے سچ ہی کی طرح اپنے کو صرف ایڈیٹری اور پرچہ کی ترتیب و نگرانی تک محدود رکھا۔ لیکن مہتمم صاحب کی مصلحتیں ان کو بار بار پرچہ کی معاونت، اور مالی امداد کے لیے اپیل جاری کرنے یا تحریر لکھنے پر مجبور کرتی تھیں جو ان کو سخت ناپسند تھا۔ وہ بار بار پرچہ کے خسارہ پر نکلنے کی شکایت کرتے تھے یہاں تک کہ اگست ۱۹۵۰ء میں کڑی کمان ٹوٹ کر رہی اور پرچہ کو مجبوراً بند کرنا پڑا۔ لیکن مولانا مرحوم کے بھتیجے جو خود بھی صحافی اور انشاء پرداز تھے حکیم عبدالقوی صاحب اور مخلص کارکنوں کے اصرار پیہم سے پھر دسمبر ۱۹۵۰ء سے صدق جدید پورے طور پر مولانا ہی کے انتظام اور نگرانی میں نکلنے لگا۔

غرض صدق کی سولہ سال کی زندگی ایسی صحافت کا نمونہ ہے جس سے فکر و فرزانگی حکمت و دانش، سوز و مستی اور جذب جنوں کی کتنی ہی حکایتیں رقم کی جاسکتی ہیں۔ بنیادی طور پر صداقت شعار تصور صحافت اس کا شیوہ تھا، مسلم اقلیت کے نشاۃ ثانیہ اور آزاد ہند میں باوقار زندگی گذارنے میں۔ صدق کی خدمات کبھی فراموش نہیں کی جاسکتیں۔ صدق میں مولانا مرحوم کی انشاپردازی پورے عروج پر تھی جس کا نمونہ ان کی تحریروں اور نشریات میں دیکھا جاسکتا ہے۔ مختصر طور پر یہ کہا جاسکتا ہے کہ اردو صحافت اور ادب میں ہفتہ وار صدق کو منفرد اور ممتاز جگہ حاصل ہے اور خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ کا علم و ادب پر بڑا احسان ہے کہ اس نے اس کے تجزیاتی اشاریے کرواکے اس کے مشمولات کو محفوظ کرلیا۔ یقین ہے کہ حکمت و موعظت اور انشاء کے بکھرے ہوئے موتیوں سے مزید تحقیق اور تفتیش کا کام دانشور اور شائقین علم لیتے رہیں گے۔

عبدالعلیم قدوائی

مختصر کوائفِ زندگی مولانا عبدالماجد دریابادی

مولانا عبدالماجد دریابادی کی پیدائش اودھ کے ایک معزز قدوائی گھرانے میں وسط مارچ ۱۸۹۲ء میں ہوئی۔ ان کے والد حاجی مولوی عبدالقادر صاحب ڈپٹی کلکٹر تھے جن کا انتقال حج بیت اللہ شریف کے معاً بعد مکہ معظمہ میں ۱۹۱۲ء میں ہوا۔ انہوں نے کیننگ کالج لکھنؤ سے ۱۹۱۲ء میں بی اے کی ڈگری حاصل کی پھر فلسفہ میں ایم اے کرنے علی گڑھ اور پھر دہلی گئے لیکن مختلف وجوہ کی بنا پر اعلیٰ تعلیم کا سلسلہ جاری نہ رکھ سکے۔ کچھ عرصہ تک مسلم ایجوکیشنل کانفرنس علی گڑھ اور پھر سررشتہ ترجمہ عثمانیہ یونیورسٹی حیدرآباد میں ملازمت کی لیکن ان کی آزادانہ افتادِ طبع سے ملازمت کی پابندیاں نبھ نہ سکیں۔ ۱۹۱۹ء میں نظام حیدرآباد نے علمی وظیفہ مقرر کیا جو ان کو آخر عمر تک علمی و تصنیفی مشاغل کے سلسلہ میں ملتا رہا۔ ان کی زندگی کے اہم حالات سنہ وار حسب ذیل ہیں:

واقعہ	سنہ
پیدائش دریاباد ضلع بارہ بنکی	۱۸۹۲ء
گورنمنٹ اسکول سیتاپور سے ہائی اسکول پاس کیا	۱۹۰۸ء
کننگ کالج لکھنؤ سے بی اے کی ڈگری حاصل کی	۱۹۱۲ء
پہلی انگریزی کتاب سائیکولوجی آف لیڈرشپ لوئی فشر لندن نے شائع کی	۱۹۱۳ء
شیخ یوسف الزمان صاحب کی صاحبزادی سے عقد ہوا	۱۹۱۶ء
۱۹۰۹ء سے شروع ہوئے دورِ الحاد کا خاتمہ اور مذہب کی طرف واپسی	۱۹۱۸ء
علمی و تصنیفی مشاغل کے لیے لکھنؤ سے مستقل طور پر آبائی وطن قصبہ دریاباد منتقل ہوگئے	۱۹۲۲ء
ہفتہ وار سچ نکالا	۱۹۲۵ء
حج بیت اللہ شریف سے مشرف ہوئے	۱۹۲۹ء
انگریزی ترجمہ و تفسیر قرآن مجید کا کام شروع کیا	۱۹۳۳ء
اردو ترجمہ و تفسیر قرآن مجید کا کام شروع کیا	۱۹۳۵ء
ہفتہ وار صدق کا اجرا ہوا	۱۹۳۵ء
ہفتہ وار صدق جدید کا اجرا ہوا	دسمبر ۱۹۵۰ء
حکومت ہند کی طرف سے نیشنل اسکالرشپ ملی	۱۹۶۷ء
حکومت یوپی کی طرف سے بہترین اردو مصنف کا ایوارڈ ملا	۱۹۶۷ء
فالج کا ہلکا حملہ ہوا	۱۹۷۴ء
مسلم یونیورسٹی علی گڑھ نے ڈاکٹر آف لٹریچر کی اعزازی ڈگری عطا کی	۱۹۷۶ء

لکھنؤ میں انتقال ہوا، تدفین دریاباد میں ہوئی ۶ر جنوری ۱۹۷۷

پہلا مضمون ۹ سال کی عمر میں وکیل امرتسر میں شائع ہوا

اولاد میں ۴ لڑکیاں ہوئیں جن کی شادی چاروں بھتیجوں کے ساتھ عمل میں آئی

اہم تصانیف

۱۔ انگریزی ترجمہ وتفسیر قرآن
۲۔ اردو ترجمہ وتفسیر قرآن
۳۔ سفر حجاز
۴۔ ذکر رسولؐ
۵۔ حیوانات قرآنی
۶۔ اعلام قرآنی
۷۔ جغرافیہ قرآنی
۸۔ ترجمہ چہل حدیث
۹۔ شرح مناجات مقبول
۱۰۔ مشکلات القرآن
۱۱۔ سیرۃ نبوی قرآن کی روشنی میں
۱۲۔ قصص ومسائل
۱۳۔ تصوف اسلام
۱۴۔ مبادی فلسفہ
۱۵۔ مکالمات
۱۶۔ تاریخ تمدن یورپ
۱۷۔ زود پشیمان
۱۸۔ معاصرین
۱۹۔ محمد علی ذاتی ڈائری
۲۰۔ حکیم الامت (مولانا اشرف علی تھانوی)
۲۱۔ گیارہ سفر
۲۲۔ پیام امن
۲۳۔ ہم آپ
۲۴۔ خطبات ماجدی
۲۵۔ مکتوبات ماجدی ۱ و ۲
۲۶۔ مکتوبات سلیمانی
۲۷۔ رقعات ماجدی
۲۸۔ فیہ مافیہ
۲۹۔ مثنوی بحر المحبت
۳۰۔ انشائے ماجد
۳۱۔ نشریات ماجد
۳۲۔ اکبر نامہ
۳۳۔ فلسفہ اجتماع
۳۴۔ فلسفیانہ مضامین
۳۵۔ تنزل ماجدی
۳۶۔ وفیات ماجدی
۳۷۔ ڈھائی ہفتہ پاکستان میں
۳۸۔ سائیکلو جی آف لیڈر شپ

******

فہرست موضوعات
"صدق"

نمبر شمار	عنوان	مضمون نگار	جلد	شمارہ	تاریخ و سال
	اخلاقیات:				
۱	اپنی رسوائی: ایک تعلیم یافتہ خاتون کی غیر اخلاقی غزل		۷	۴۵	۳۰/مارچ ۱۹۴۲ء
۲	احتساب نفس	منقول از الفرقان، لکھنؤ	۶	۱	۶/مئی ۱۹۴۰ء
۳	اخلاص: منقول از الاصلاح	امین احسن اصلاحی	۷	۲۷	۱۰/نومبر ۱۹۴۱ء
۴	اخلاقی وبائیں: منقول از ترجمان القرآن	ابوالاعلیٰ مودودی	۱	۲	۱۷/مئی ۱۹۳۵ء
۵	اداس بیسوا: شراب پر پابندی کا اثر حرام کاری پر	عبدالماجد دریابادی	۱۲	۵۶	۱۴/اپریل ۱۹۴۷ء
۶	اسراف اور سادگی	منقول از صداقت	۱	۳۰	یکم مارچ ۱۹۳۶ء
۷	اصلاح کے قدم: حیدر آباد کے غیر مسلم رکن مقننہ کی سنیما اور تمباکو نوشی کے خلاف مہم	عبدالماجد دریابادی	۱۲	۵۴	۲۱/مارچ ۱۹۴۷ء
۸	امتناع شراب: مدراس میں شراب کا بتدریج خاتمہ	عبدالماجد دریابادی	۳	۱۲	۲۱/اگست ۱۹۳۷ء
۹	امرد پرستی	عبدالرؤف جھنڈے نگر	۱	۳۵	۲۲/جنوری ۱۹۳۵ء
۱۰	اوپر کی آمدنی	منقول از پیام	۱	۲۴	یکم جنوری ۱۹۳۶ء
۱۱	اہل تجدد کے لیے: لڑکیوں کو چھیڑنے کے خلاف ایک ہندو نوجوان کا مراسلہ	عبدالماجد دریابادی	۱۱	۸۶	۲۳/مارچ ۱۹۴۶ء
۱۲	ایک بے ادب اہل قلم	منقول از پیام اسلام	۱۳	۴۱	۲۷/فروری ۱۹۴۸ء
۱۳	ایکٹرسوں کا اشتہار	منقول از پیغام مسلم	۱	۱۵	یکم اکتوبر ۱۹۳۵ء
۱۴	ایک حیاسوز وبا	منقول از پیغام صلح	۶	۱۰	۱۶/جولائی ۱۹۴۰ء
۱۵	ایک صحیح روش: (خداوند تعالیٰ کی شان میں گستاخی کی معذرت)	منقول از زمیندار لاہور	۹	۴۱	۲۸/فروری ۱۹۴۴ء
۱۶	ایک قدامت پرست مجسٹریٹ: ۱۴سال سے کم عمر کے لڑکوں اور لڑکیوں کے سنیما جانے پر پابندی	عبدالماجد دریابادی	۵	۲۱	۲۶/فروری ۱۹۴۰ء
۱۷	ایک مبارک اقدام: (سنیما کے خلاف)	سکریٹری جمعیۃ الاصلاح ندوہ، لکھنؤ	۱۲	۳۹	۲۹/نومبر ۱۹۴۶ء
۱۸	ایک نادر نسخہ: بے روزگاری کا علاج موسیقی، رقاصی اور ایکٹری کے ذریعہ	عبدالماجد دریابادی	۳	۲۴	یکم جنوری ۱۹۳۷ء
۱۹	باپو کے دیس میں: عدالتوں میں رشوت کا زور	عبدالماجد دریابادی	۱۵	۴	۲۷/مئی ۱۹۴۹ء

نمبر شمار	عنوان	مضمون نگار	جلد	شمارہ	تاریخ وسال
۲۰	بادہ فروش جوش میں: امتناع شراب فروشی کے خلاف شراب فروشوں کی ستیاگرہ کی دھمکی	عبدالماجد دریابادی	۳	۳۰	یکم مئی ۱۹۳۹ء
۲۱	بداخلاق نوجوان کا علاج	منقول از ریاست، دہلی	۱۰	۳۴	۱۵ر جنوری ۱۹۴۵ء
۲۲	بدکار دوشیزہ	منقول از انقلاب	۱۲	۴۰	۱۳ر دسمبر ۱۹۴۶ء
۲۳	بدکاری کا انسداد	منقول از نظام المشائخ	۵	۱۵	یکم دسمبر ۱۹۳۹ء
۲۴	بدنظری کا علاج: گاندھی جی کی حکیمانہ نصیحت	عبدالماجد دریابادی	۵	۲۱	۲۶ر فروری ۱۹۴۰ء
۲۵	برہنگی کا آرٹ	منقول از رہبر دکن	۳	۲۱	۲۱ نومبر ۱۹۳۷ء
۲۶	بزوں کا اثر	منقول از ندائے حرم	۱۱	۴	۲۲ر مئی ۱۹۴۵ء
۲۷	بلا تبصرہ: ہندوستان میں شکر کی چور بازاری اور پاکستان میں مسلمان کے شراب کا ٹھیکہ لینے کی خبر	عبدالماجد دریابادی	۱۳	۲۷	۱۴ر نومبر ۱۹۴۷ء
۲۸	بے ایمانی کا فروغ	منقول از اجمل	۱۴	۲۲	۱۳ر دسمبر ۱۹۴۸ء
۲۹	بے پردگی کی وبا	منقول از انقلاب	۱	۴۷	۱۹ر اپریل ۱۹۴۵ء
۳۰	بے پردگی کے نتائج: پنجاب میں بے پردگی کی داستان	عبدالماجد دریابادی	۱۱	۵۸	۱۳ر دسمبر ۱۹۴۵ء
۳۱	بے حجابی کے بعد: امریکہ کی اسٹوڈینٹ خاتون کی بے ستری جنگلی قبیلوں کی سطح پر	عبدالماجد دریابادی	۱۱	۷۶	۱۶ر فروری ۱۹۴۶ء
۳۲	بید کی سزا: عورتوں سے چھیڑ چھاڑ کرنے والوں کے خلاف تجویز	عبدالماجد دریابادی	۱۱	۱۹	۱۴ر جولائی ۱۹۴۵ء
۳۳	پردہ اور اخلاق: جناب عبدالعزیز سابق ایڈولف ولیم کے انگریزی مضمون کی تلخیص	حکیم عبدالقوی	۳	۹	۲۱ر جولائی ۱۹۳۹ء
۳۴	پردہ اور پردۂ عصمت: ایک ہندوستانی ماں کا مراسلہ نوجوان کی بے راہ روی پر	عبدالماجد دریابادی	۱۱	۳۳	۵ر ستمبر ۱۹۴۵ء
۳۵	پردہ یورپ میں: ویانا کی ہائی کورٹ کا حکم عورتوں اور مردوں کی ملاقات یہاں تک کہ تحریر تک کا پردہ	عبدالماجد دریابادی	۱	۳۳	یکم اپریل ۱۹۳۶ء
۳۶	تجدد اور کفش کاری: بیہودہ نوجوانوں کی کفش کاری کا مشورہ طالبات کو معاصر پیام کی زبانی	عبدالماجد دریابادی	۱۰	۳۱	۱۸ر دسمبر ۱۹۴۴ء
۳۷	تحفظ عصمت کے لیے خودکشی	محی الدین منیری	۱۳	۱	۲ر مئی ۱۹۴۷ء

نمبر شمار	عنوان	مضمون نگار	جلد	شمارہ	تاریخ وسال
۳۸	تربیت جنسی (کے سلسلہ میں مولانا گیلانی کی مزید تصریحات)	مناظر احسن گیلانی	۱۰	۴۲	۱۲/مارچ ۱۹۴۵ء
۳۹	تربیت جنسی کے مراکز	منقول از رہبر دکن	۱۲	۵۸	۱۸/اپریل ۱۹۴۷ء
۴۰	ترقی اور بے عصمتی	منقول از انقلاب	۱۲	۹	۲۹/مئی ۱۹۴۶ء
۴۱	ترک سینمابینی	میر تذمیر علی معتمد	۸	۱۹	۷/ستمبر ۱۹۴۲ء
۴۲	تعلیم اور شراب: تعلیم کا خرچ شراب کی آمدنی سے	عبدالماجد دریابادی	۳	۲۴	یکم جنوری ۱۹۳۸ء
۴۳	تفاوت راہ: مدراس کے پادریوں کا مطالبہ شراب کے استعمال کے لیے	عبدالماجد دریابادی	۳	۲۲	یکم دسمبر ۱۹۳۷ء
۴۴	تہذیب کے روگ	منقول از انقلاب	۱۲	۲۱	۱۲/جولائی ۱۹۴۶ء
۴۵	جب اور اب: امتناع شراب نوشی کی کوششوں میں ناکامی	عبدالماجد دریابادی	۱۴	۲۷	۴/فروری ۱۹۴۹ء
۴۶	جج کا فیصلہ: سینماایکٹرس بننے کی دھن میں دو مسلمان لڑکیوں کا اغوا اور مقدمہ کا فیصلہ	عبدالماجد دریابادی	۱۶	۱	۵/مئی ۱۹۵۰ء
۴۷	جرم اور اخفائے جرم	محمد میاں ناظم جمیعۃ العلماء	۱۳	۴۳	۱۹/مارچ ۱۹۴۸ء
۴۸	جرمنی کی جنسی اخلاقیات	منقول از پیغام صلح	۱۴	۲۳	۷/جنوری ۱۹۴۹ء
۴۹	جنسی عصمت کا کال: امریکن عورتوں کی پست اخلاقی حالت	عبدالماجد دریابادی	۷	۱۷	۲۵/اگست ۱۹۴۱ء
۵۰	جنسی تربیت	مناظر احسن گیلانی	۱۰	۳۰	۱۱/دسمبر ۱۹۴۴ء
۵۱	جنسی مسئلہ: نئے دجالی نظریات	منقول از پیغام صلح	۹	۳۱	۱۳/دسمبر ۱۹۴۳ء
۵۲	جنگ اور بے عصمتی	منقول از حق مسلمان	۱۰	۴۰	۲۶/فروری ۱۹۴۵ء
۵۳	جوا اور جواری: منقول از ریاست دہلی	حاجی بشیر احمد خاں	۱۲	۲۲	۲۳/اگست ۱۹۴۶ء
۵۴	چند شرمناک تخمینے	منقول از زمزم	۱۰	۶	۵/جون ۱۹۴۴ء
۵۵	چند عملی سبق	منقول از انقلاب	۱۲	۱۱	۵/جون ۱۹۴۶ء
۵۶	حرام کاری کے لیے جدوجہد: ڈنمارک میں بن بیاہی عورت کی ملازمت کا معاملہ	عبدالماجد دریابادی	۱۱	۲۶	۱۲/جنوری ۱۹۴۶ء

نمبر شمار	عنوان	مضمون نگار	جلد	شمارہ	تاریخ وسال
۵۷	حرام کی پرورش گاہیں: دیانا کے ایک سنٹر میں ناجائز بچوں کی بڑی تعداد	عبدالماجد دریابادی	۱۴	۳۱	۳؍مارچ۱۹۳۹ء
۵۸	حرص وعلاج حرص	منقول از رہبر دکن	۱۰	۳	۱۶؍ا مئی ۱۹۳۴ء
۵۹	خانۂ خراب: بمبئی میں شراب پر پابندی کی حمایت نقیب تجدد کی زبان سے	عبدالماجد دریابادی	۵	۹	یکم ستمبر۱۹۳۹ء
۶۰	خباثت کی انتہا: پردہ کے سلسلہ میں ایک امریکن مصنف کی خباثت اور سفید جھوٹ	عبدالماجد دریابادی	۱۰	۴۸	۲۳؍اپریل۱۹۴۵ء
۶۱	خلاصہ مراسلات: مولانا مناظر احسن کے مضمون تربیت جنسی پر تنقید	عبد الرحیم صاحب فرنگی محل	۱	۳۸	۱۲؍فروری۱۹۴۵ء
۶۲	خوف خدا کی قوت: بدچلنی کے محرکات روکنے کی تدبیر	عبدالماجد دریابادی	۹	۳۷	۳۱؍جنوری۱۹۴۴ء
۶۳	دروغ کا فروغ: ایک فرنگی اہل قلم کی طرف سے جھوٹ کی گرم بازاری پر سوال	عبدالماجد دریابادی	۲	۳۲، ۳۳	۳۱؍مارچ و یکم اپریل ۱۹۳۷ء
۶۴	دولت کا عذاب: حرص دنیا و حب جاہ کی مذمت پروفیسر لاسکی کی زبان سے	عبدالماجد دریابادی	۶	۱	۶؍مئی۱۹۴۰ء
۶۵	دین و اخلاق سے بے تعلقی: انگلستان کی تعلیم یافتہ لڑکیوں کی خدا اور مذہب سے ناواقفیت	عبدالماجد دریابادی	۱۲	۱	یکم مئی۱۹۳۶ء
۶۶	رشوت کی گرم بازاری: امریکہ میں رشوت کا زور	عبدالماجد دریابادی	۱۰	۲	۱۷؍مئی۱۹۴۵ء
۶۷	رشوت درفع مضرت	عبد الرؤف رحمانی جھنڈے نگر	۱۳	۲۷	۱۴؍نومبر۱۹۴۷ء
۶۸	رقص کی وبا	منقول از مسلمان	۲	۴۱	۳؍مارچ۱۹۴۱ء
۶۹	رقص عریاں: ایڈیٹر روزنامہ حق کے قلم سے		۱۲	۲۰	۶؍جولائی۱۹۳۶ء
۷۰	روشن خیال باپ: صدر امریکہ کی داد اپنی بیٹی کے کمال رقص پر	عبدالماجد دریابادی	۱۳	۳۵	۱۶؍جنوری۱۹۴۸ء
۷۱	روشنی میں اندھیر: لڑکیوں کو چھیڑنے والوں کے خلاف پولس کی ضرورت	عبدالماجد دریابادی	۱۱	۳۰	۲۵؍اگست۱۹۴۵ء

تاریخ وسال	شمارہ	جلد	مضمون نگار	عنوان	نمبر شمار
۳ر جون ۱۹۴۰ء	۵	۲	منقول از انقلاب	ریڈیو کی اخلاقی ذمہ داری	۷۲
یکم و ۱۱ر دسمبر ۱۹۳۵ء	۲۱، ۲۲	۱	ابوالاعلیٰ مودودی	سارے امراض کا سرچشمہ	۷۳
یکم جنوری ۱۹۳۶ء	۲۳	۱	ایضاً	سارے امراض کا سرچشمہ	۷۴
۱۱ر جنوری ۱۹۳۶ء	۲۵	۱	ایضاً	سارے امراض کا سرچشمہ	۷۵
۲۵ر ستمبر ۱۹۳۵ء	۳۸	۱۱	عبدالماجد دریابادی	ساڑھے سات لاکھ بن بیاہیاں: امریکہ میں بن بیاہی عورتوں کا مسئلہ	۷۶
۲۱ر فروری ۱۹۳۶ء	۲۹	۱	عبدالماجد دریابادی	سچی باتیں: جاڑوں کے موسم میں صبح تڑکے اٹھنا بڑا مجاہدہ ہوتا ہے اور نفس طرح طرح کی ترغیبیں اور دلیلیں دیتا ہے۔ اس کا علاج عزم وہمت ہے جس کے ذریعہ دین و دنیا دونوں میں کامیابی حاصل کی جاسکتی ہے۔	۷۷
یکم اپریل ۱۹۳۶ء	۳۳	۱	عبدالماجد دریابادی	سچی باتیں: (مع رباعی حضرت اکبر) بدنظری کا مرض، غضِ بصر کا حکم مسلم غیر مسلم سب کے لیے عام ہے اور اس طرف توجہ کی ضرورت ہے۔	۷۸
۱۱ر جولائی ۱۹۳۷ء	۸	۳	عبدالماجد دریابادی	سچی باتیں: امتحانات کے نتائج سے درس عبرت، اپنی زندگی کا محاسبہ اور حسرت	۷۹
۱۵ر جنوری ۱۹۴۰ء	۱۸	۵	عبدالماجد دریابادی	سچی باتیں: عرب جاہلیت اور فرنگی تمدن میں عورت مرد کی مساوات، بے روک ٹوک اختلاط اور بے حجابی قدر مشترک تھی۔ اسلام نے اس پر روک لگائی۔	۸۰
۲۰ر نومبر ۱۹۴۴ء	۲۹	۱	عبدالماجد دریابادی	سچی باتیں: ایک فرنگی محقق کی تحقیق کہ ۶ سال کی عمر تک انسان ۷ ۲ کروڑ الفاظ بول چکا ہوتا ہے۔ ہر ہر لفظ کا حساب دینے کی عظیم الشان ذمہ داری۔ اس کے لیے ہماری کیا تیاری ہے؟	۸۱
۲۶ر جون ۱۹۴۵ء	۱۳	۱۱	عبدالماجد دریابادی	سچی باتیں: ہندوؤں سے میلوں ٹھیلوں اور اعلیٰ مہذب سوسائٹی میں عورتوں مردوں کا بے حجابانہ خلا ملا اور کھلی دعوت فسق۔ جدید عورت ترقی کر دو چار ہزار	۸۲

نمبر شمار	عنوان	مضمون نگار	جلد	شمارہ	تاریخ وسال
	سال والی جگہ پر پھر آگئی۔				
۸۳	کچی باتیں: مولانا سید سلیمان ندوی کے قلم سے	منقول از معارف	۱۲	۳۶	یکم نومبر ۱۹۴۶ء
۸۴	سراب عصمت: زنانہ امدادی دستہ کی داستان غم	عبدالماجد دریابادی	۱۱	۸۰	۲/مارچ ۱۹۴۶ء
۸۵	سراب عصمت: ایک رازدار ورازداں کے قلم سے	عبدالماجد دریابادی	۱۱	۹۳	۲۱/اپریل ۱۹۴۶ء
۸۶	سفاک کتب فروش: لاہور میں سیرۃ النبیؐ کی چوری سے اشاعت	عبدالماجد دریابادی	۱۵	۴۹	۲۸/اپریل ۱۹۵۰ء
۸۷	سنیما	منقول از امارت	۱	۳۰	یکم مارچ ۱۹۳۶ء
۸۸	سنیما اور اخلاق عامہ	منقول از مجاہد لاہور	۱	۲۳	۲۱/دسمبر ۱۹۳۵ء
۸۹	سنیما اور بچے	منقول از ریاست، دہلی	۱۱	۶۳	۲/جنوری ۱۹۴۶ء
۹۰	سنیما اور بچے: ایک ہیڈ ماسٹر کے تجربے	ایضاً	۱۱	۷۲	۲/فروری ۱۹۴۶ء
۹۱	سنیما اور طلبہ: سنیما کے طلبہ پر مضر اثرات کے بارے میں ایک ماہر فن کا اظہار خیال	عبدالماجد دریابادی	۷	۲۴	۱۳/اکتوبر ۱۹۴۱ء
۹۲	سنیما اور کمسن بچے	منقول از رہبر دکن	۱۱	۵۲	۱۳/نومبر ۱۹۴۵ء
۹۳	سنیما کی برکتیں: سنیما بینی سے جرم نوازی اور جرم افزائی میں ترقی	عبدالماجد دریابادی	۱۵	۲۶	۱۸/نومبر ۱۹۴۹ء
۹۴	سوچنے اور کرنے کے کچھ کام	منقول از زمزم	۱۲	۱۱	۵/جون ۱۹۴۶ء
۹۵	شراب اور ادب: ایڈیٹر مصنف علی گڑھ کے نام مدیر صدق کا مکتوب	عبدالماجد دریابادی	۱۱	۴۸	۳۰/اکتوبر ۱۹۴۵ء
۹۶	شراب کی بندش	غضنفر علی صاحب حیدر آباد	۴	۲، ۳	۱۱، ۲۱/مئی ۱۹۳۸ء
۹۷	شرابیوں کا راج: انسداد شراب نوشی کی کوشش کرنے والوں کی دقتیں	عبدالماجد دریابادی	۱۱	۳۰	۲۵/اگست ۱۹۳۵ء
۹۸	شرافت گفتار	منقول از مدینہ	۳	۱۳	یکم ستمبر ۱۹۳۷ء
۹۹	شرمناک	منقول از الجمعیۃ	۱۴	۳۵	یکم اپریل ۱۹۴۹ء
۱۰۰	شریف بدمعاش: تعلیم یافتہ گنڈوں سے صنف نازک کی حفاظت کے بارے میں نیشنل ہیرلڈ میں مراسلہ	عبدالماجد دریابادی	۱۲	۷	۲۲/مئی ۱۹۴۶ء

نمبر شمار	عنوان	مضمون نگار	جلد	شمارہ	تاریخ وسال
۱۰۱	شریف جواری: گھوڑ دوڑ کے جواریوں کے کلب کی آمدنی		۱۲	۲۳	۲۶؍جولائی ۱۹۴۶ء
۱۰۲	شہزادیوں کے جشن: ایسٹر کے موقع پر رقص کی ممانعت شاہ انگلستان کی طرف سے۔	عبدالماجد دریابادی	۱۲	۱	یکم مئی ۱۹۴۶ء
۱۰۳	صاحب کی بلانوشی: برطانیہ میں شراب نوشی میں بے تحاشہ اضافہ	عبدالماجد دریابادی	۱	۱۲	یکم ستمبر ۱۹۳۵ء
۱۰۴	طلاقوں کی بھرمار: برطانیہ اور امریکہ کی روداد	عبدالماجد دریابادی	۱۱	٦٦	۱۲؍جنوری ۱۹۴۶ء
۱۰۵	طلبہ اور شراب	منقول از انقلاب	۱۲	۴۹	۱۴؍فروری ۱۹۴۷ء
۱۰٦	عبرت	منقول از پیام	۳	۱۷	۱۱؍اکتوبر ۱۹۳۷ء
۱۰۷	عصمت فروشی: عیسائی ملکوں میں بیسوائی کا پیشہ ختم کرنے کی ناکام کوششیں	عبدالماجد دریابادی	۳	۷	یکم جولائی ۱۹۳۷ء
۱۰۸	عصمت کی قیمت	منقول از انقلاب	۱۱	۱٦	۳؍جولائی ۱۹۴۵ء
۱۰۹	عقل کی بازگشت: جرمنی میں عورتوں کے ہوٹلوں میں اکیلے جانے پر بندش	عبدالماجد دریابادی	۱	۱	۳؍مئی ۱۹۳۵ء
۱۱۰	عقل و اخلاق کی عریانی: آفتابی غسل کی تلقین برطانوی اخبار میں	عبدالماجد دریابادی	۱	۱	ایضاً
۱۱۱	علم کی آواز: دین و روحانیت کی تلقین برطانوی مفکر کی زبان سے	عبدالماجد دریابادی	۳	۲۸	۱۱؍فروری ۱۹۳۸ء
۱۱۲	عمل تسخیر: اینگلو انڈین لیڈر کی دردناک اپیل عورتوں کی عزت کے بارے میں	عبدالماجد دریابادی	۱۱	۸۳	۱۳؍مارچ ۱۹۴٦ء
۱۱۳	عورت کی ترقی: محکمہ ریڈیو میں شریف بیگمات کا آرٹسٹوں اور پیشہ ور گانے والوں کا ساتھ	عبدالماجد دریابادی	۸	۱	۴؍مئی ۱۹۴۲ء
۱۱۴	عورتوں کا سینما بینی	منقول از پیام حیدر آباد	۷	۳۲	۱۵؍دسمبر ۱۹۴۱ء
۱۱۵	عیاشی کا لائسنس	منقول از زمزم	۱۰	۱۵	۷؍اگست ۱۹۴۴ء
۱۱٦	غیر معصوم شخصیتیں: انبیاء کو چھوڑ کر کوئی شخص بھی معصوم نہیں	عبدالماجد دریابادی	۹	۱۲	۱۹؍جولائی ۱۹۴۳ء

نمبر شمار	عنوان	مضمون نگار	جلد	شمارہ	تاریخ و سال
۱۱۷	فحاشی کی وبا	منقول از منادی	۱۲	۱۷	۲۶/جون ۱۹۴۶ء
۱۱۸	فحش لٹریچر کی اشاعت	منقول از انقلاب	۱۰	۸	۱۹/جون ۱۹۴۴ء
۱۱۹	فحش نویسی اور قانون: حکومت اور مصلحوں کی بے پروائی کا نمونہ		۸	۸	۲۲/جون ۱۹۴۲ء
۱۲۰	فحش نویسی کے خلاف مقدمہ	منقول از انقلاب	۱۰	۳۱	۵/مارچ ۱۹۴۵ء
۱۲۱	فرنگی مورخ کی زبان سے	سید مناظر احسن گیلانی	۱۰	۳۳	۱۵/جنوری ۱۹۴۵ء
۱۲۲	فسق کا اعزاز: مسلمانوں کی فسق نوازی کے باوجود فسق جزو عبادت نہیں	عبدالماجد دریابادی	۹	۴۵	۷/مارچ ۱۹۴۴ء
۱۲۳	فسق و فجور کی اشاعت	منقول از پیغام صلح	۳	۲۲	یکم دسمبر ۱۹۳۷ء
۱۲۴	فلم بینی	منقول از ہریجن، قومی آواز	۱۵	۱۴	۱۲/اگست ۱۹۴۹ء
۱۲۵	فلم کا مریض(۱)	چندر کانت مصرا	۱۵	۲۲	۱۴/اکتوبر ۱۹۴۹ء
۱۲۶	فلم کا مریض(۲)	ایضاً	۱۵	۲۳	۲۱/اکتوبر ۱۹۴۹ء
۱۲۷	فلم کا مریض، ضمیمہ	لکھنؤ یونیورسٹی کے گریجویٹ کے قلم سے	۱۵	۲۶	۱۸/نومبر ۱۹۴۹ء
۱۲۸	قحط کا اثر اخلاق پر	منقول از انقلاب	۱۰	۱۴	۳۱/جولائی ۱۹۴۴ء
۱۲۹	کروڑوں کی رشوت	منقول از ریاست	۱۰	۴۳	۱۹/مارچ ۱۹۴۵ء
۱۳۰	گھوڑدوڑ کی ممانعت	منقول از تنویر	۱۳	۳۲	۲۶/دسمبر ۱۹۴۷ء
۱۳۱	گھوڑدوڑ میں جوا	منقول از انقلاب بمبئی	۱۲	۲۵	۱۶/اگست ۱۹۴۶ء
۱۳۲	لاہور کا خود غرض ناشر	منقول از الجمعیۃ	۱۵	۴۹	۲۸/اپریل ۱۹۵۹ء
۱۳۳	لطف و تفریح سے سبق	منقول از رہبر دکن	۶	۹	۸/جولائی ۱۹۴۰ء
۱۳۴	مجرم اور سزا کے جرم: سود خور پٹھانوں کے اخراج کی تجویز	عبدالماجد دریابادی	۴	۸	۱۱/جولائی ۱۹۳۸ء
۱۳۵	مجسٹریٹ کا تجربہ: اخلاقی تعلیم کی ضرورت پر روشن خیال مجسٹریٹ کا زور	ایضاً	۹	۲۴	۱۸/اکتوبر ۱۹۴۳ء
۱۳۶	مخلوط رقص	منقول از رہبر دکن	۱۲	۵۲	۱۴/اپریل ۱۹۴۷ء
۱۳۷	مرض کا احساس: امریکہ کے سامعین ریڈیو کا عریانی	عبدالماجد دریابادی	۲	۲۹	۲۱/فروری ۱۹۳۷ء

نمبر شمار	عنوان	مضمون نگار	جلد	شمارہ	تاریخ وسال
	اور فحاشی کے خلاف احتجاج۔				
۱۳۸	مسئلہ خیر وشر: ایک معلم فلسفہ کے سوال کا جواب مولوی عبدالباری ندوی کے قلم سے۔	ایضاً	۱۲	۵۰	۲۱ر فروری ۱۹۳۷ء
۱۳۹	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۹	۱۰	۵ر جولائی ۱۹۴۳ء
۱۴۰	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۹	۱۳	۲۶ر جولائی ۱۹۴۳ء
۱۴۱	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۹	۱۵	۹ر اگست ۱۹۴۳ء
۱۴۲	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۹	۲۰	۱۳ر ستمبر ۱۹۴۳ء
۱۴۳	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۹	۲۱	۲۰ر ستمبر ۱۹۴۳ء
۱۴۴	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۹	۲۲	۲۶ر ستمبر ۱۹۴۳ء
۱۴۵	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۹	۲۴	۱۸ر اکتوبر ۱۹۴۳ء
۱۴۶	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۹	۲۸	۱۵ر نومبر ۱۹۴۳ء
۱۴۷	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۹	۳۲	۲۰ر دسمبر ۱۹۴۳ء
۱۴۸	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۹	۳۶	۲۴ر جنوری ۱۹۴۴ء
۱۴۹	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۹	۴۱	۲۸ر فروری ۱۹۴۴ء
۱۵۰	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۹	۴۵	۲۷ر مارچ ۱۹۴۴ء
۱۵۱	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۹	۴۹	۲۴ر اپریل ۱۹۴۴ء
۱۵۲	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۰	۲	۸ر مئی ۱۹۴۴ء
۱۵۳	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۰	۵	۲۹ر مئی ۱۹۴۴ء
۱۵۴	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۰	۷	۱۲ر جون ۱۹۴۴ء
۱۵۵	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۰	۸	۱۹ر جون ۱۹۴۴ء
۱۵۶	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۰	۱۱	۱۰ر جولائی ۱۹۴۴ء
۱۵۷	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۰	۱۳	۲۴ر جولائی ۱۹۴۴ء
۱۵۸	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۰	۱۴	۳۱ر جولائی ۱۹۴۴ء
۱۵۹	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۰	۱۶	۱۴ر اگست ۱۹۴۴ء
۱۶۰	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۰	۱۹	۴ر ستمبر ۱۹۴۴ء
۱۶۱	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۰	۲۰	۱۱ر ستمبر ۱۹۴۴ء

نمبر شمار	عنوان	مضمون نگار	جلد	شمارہ	تاریخ وسال
۱۶۲	مشورے اور گزارشیں	عبدالماجد دریابادی	۱۰	۲۲	۲/اکتوبر ۱۹۴۴ء
۱۶۳	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۰	۲۴	۱۶/اکتوبر ۱۹۴۴ء
۱۶۴	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۰	۳۰	۱۱/دسمبر ۱۹۴۴ء
۱۶۵	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۰	۳۱	۱۸/دسمبر ۱۹۴۴ء
۱۶۶	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۰	۳۴	۱۵/جنوری ۱۹۴۵ء
۱۶۷	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۰	۳۶	۲۹ جنوری ۱۹۴۵ء
۱۶۸	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۰	۴۱	۵/مارچ ۱۹۴۵ء
۱۶۹	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۰	۴۲	۱۲/مارچ ۱۹۴۵ء
۱۷۰	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۰	۴۶	۹/اپریل ۱۹۴۵ء
۱۷۱	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۱	۱	۷/مئی ۱۹۴۵ء
۱۷۲	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۱	۲	۲۹/مئی ۱۹۴۵ء
۱۷۳	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۱	۸	۵/جون ۱۹۴۵ء
۱۷۴	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۱	۱۲	۱۹/جون ۱۹۴۵ء
۱۷۵	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۱	۱۸	۱۰/جولائی ۱۹۴۵ء
۱۷۶	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۱	۲۰	۱۷/جولائی ۱۹۴۵ء
۱۷۷	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۱	۲۴	۴/اگست ۱۹۴۵ء
۱۷۸	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۱	۲۶	۱۱/اگست ۱۹۴۵ء
۱۷۹	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۱	۳۵	۱۵/ستمبر ۱۹۴۵ء
۱۸۰	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۱	۳۷	۲۲/ستمبر ۱۹۴۵ء
۱۸۱	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۱	۴۲	۹/اکتوبر ۱۹۴۵ء
۱۸۲	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۱	۴۷	۲۷/اکتوبر ۱۹۴۵ء
۱۸۳	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۱	۵۱	۱۰/نومبر ۱۹۴۵ء
۱۸۴	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۱	۵۳	۲۱/نومبر ۱۹۴۵ء
۱۸۵	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۱	۵۶	۵/دسمبر ۱۹۴۵ء
۱۸۶	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۱	۶۵	۹/جنوری ۱۹۴۶ء
۱۸۷	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۱	۷۳	۶/فروری ۱۹۴۶ء

نمبر شمار	عنوان	مضمون نگار	جلد	شمارہ	تاریخ وسال
۱۸۸	مشورے اور گزارشیں	عبدالماجد دریابادی	۱۱	۹۱	۱۳؍اپریل ۱۹۴۶ء
۱۸۹	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۱	۹۵	۲۷؍اپریل ۱۹۴۶ء
۱۹۰	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۲	۷	۲۲؍مئی ۱۹۴۶ء
۱۹۱	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۲	۱۴	۱۵؍جون ۱۹۴۶ء
۱۹۲	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۲	۳۲	۴؍اکتوبر ۱۹۴۶ء
۱۹۳	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۲	۴۷	۳۱؍جنوری ۱۹۴۷ء
۱۹۴	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۲	۵۴	۲۱؍مارچ ۱۹۴۷ء
۱۹۵	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۲	۵۸	۱۸؍اپریل ۱۹۴۷ء
۱۹۶	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۳	۲	۹؍مئی ۱۹۴۷ء
۱۹۷	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۳	۱۰	۱۱؍جولائی ۱۹۴۷ء
۱۹۸	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۳	۲۰	۲۶؍ستمبر ۱۹۴۷ء
۱۹۹	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۳	۳۸	۸؍فروری ۱۹۴۸ء
۲۰۰	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۴	۷	۱۸؍جون ۱۹۴۸ء
۲۰۱	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۴	۱۳	۳۰؍جولائی ۱۹۴۸ء
۲۰۲	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۴	۱۸	۳؍دسمبر ۱۹۴۸ء
۲۰۳	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۴	۲۰	۱۷؍دسمبر ۱۹۴۸ء
۲۰۴	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۴	۳۲	۱۱؍مارچ ۱۹۴۹ء
۲۰۵	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۵	۲۰	۲۳؍ستمبر ۱۹۴۹ء
۲۰۶	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۵	۴۰	۲۴؍فروری ۱۹۵۰ء
۲۰۷	مشورے اور گزارشیں	ایضاً	۱۶	۱۳	۴؍اگست ۱۹۵۰ء
۲۰۸	مغرب کا تجربہ: ایک یورپی ماہر جنسیات کا اعتراف کہ تحریک نسائیت بڑی حد تک جذبۂ شہوانی پر مبنی ہے۔	ایضاً	۷	۱۲	۲۱؍جولائی ۱۹۴۱ء
۲۰۹	مے فروشی کا کاروبار: یوپی سرکار کی امتناع شراب کی کوششوں کی ناکامی	ایضاً	۷	۵	۲؍جون ۱۹۴۱ء
۲۱۰	مے نوشی شاعری میں	خصلت حسین صاحب	۱۱	۵۷	۸؍دسمبر ۱۹۴۵ء
۲۱۱	ناکافی علاج: عورتوں کو چھیڑنے کی سزا	عبدالماجد دریابادی	۱۰	۸	۳۰؍جون ۱۹۴۴ء

نمبر شمار	عنوان	مضمون نگار	جلد	شمارہ	تاریخ و سال
۲۱۲	نجات انسانی کے دماغ و اعضاء	عبداللہ شاہ قادری	۱	۲۳	۲۱ر دسمبر ۱۹۳۵ء
۲۱۳	نجات انسانی کے دماغ و اعضاء	ایضاً	۱	۲۴	یکم جنوری ۱۹۳۶ء
۲۱۴	نجات انسانی کے دماغ و اعضاء	ایضاً	۱	۲۵	۱۱ر جنوری ۱۹۳۶ء
۲۱۵	نسائیت اور عریانی: تحریک آزادی نسواں میں عریانی کا درجہ		۷	۹	۳۰ر جون ۱۹۴۱ء
۲۱۶	نئی پھلجھڑی: ملک میں نمائشی مرن برت رکھنے کی وبا	عبدالماجد دریابادی	۱۵	۱۰	۸ر جولائی ۱۹۳۹ء
۲۱۷	ہمارے اخلاق: اجلاس کانگریس جے پور میں گرہ کٹی اور چوریوں کی وارداتیں	ایضاً	۱۳	۲۲	۳۱ر دسمبر ۱۹۳۸ء
۲۱۸	ہندوستان کا پیرس: مسوری میں شراب نوشی و بے حیائی کے متعلق ایک خط	ایضاً	۱۲	۲۰	۱۲ر جولائی ۱۹۳۶ء
	ادباء ـــ تذکرہ				
۲۱۹	اردو کے ایک نامور افسانہ نویس: منشی پریم چند کے انتقال پر تعزیت)		۲	۱۸	۲۱ر اکتوبر ۱۹۳۶ء
۲۲۰	قومی زبان کے لیے پریم چند کی کوششیں: منقول از پیام	قاضی عبدالغفار	۱۱	۵۰	۲ر نومبر ۱۹۳۵ء
۲۲۱	چغتائی صاحب کی توبہ	منقول از حق لکھنؤ	۱	۱۷	۱۱ر اکتوبر ۱۹۳۵ء
۲۲۲	چغتائی صاحب کی توبہ: اظہار مسرت	عبدالماجد دریابادی	۱	۱۷	۲۱ر اکتوبر ۱۹۳۵ء
۲۲۳	دوزخی بھائی: مرنے والے بھائی کی عجیب و غریب تعزیت ترقی پسند بہن کی زبان سے		۸	۲۹	۲۳ر نومبر ۱۹۴۲ء
۲۲۴	بچی باتیں: اردو کے مشہور اہل قلم مرزا عظیم بیگ چغتائی کے مرض الموت اور زندگی کے حالات دوزخی کے عنوان سے ان کی روشن خیال بہن کے قلم سے، غیرت کا سبق	ایضاً	۸	۳۲	۱۴ر دسمبر ۱۹۴۲ء
۲۲۵	عظیم بیگ چغتائی کا توبہ نامہ: اپنی کج روی کا اعتراف اور امہات الامۃ کی اشاعت سے دستبرداری، انجمن اسلامیہ جودھپور کے جلسہ میں		۱	۱۵	یکم اکتوبر ۱۹۳۵ء

نمبر شمار	عنوان	مضمون نگار	جلد	شمارہ	تاریخ و سال
۲۲۶	مرزا عظیم بیگ چغتائی کا دوسرا توبہ نامہ: نقاش نقش ثانی بہتر کشد زاول	محمد اسحاق صابر سکریٹری انجمن اسلامیہ جودھپور	۱	۱۲	۱۱/اکتوبر ۱۹۳۵ء
۲۲۷	ہنسوڑ کی وفات: مرزا عظیم بیگ چغتائی کی تعزیت	عبدالماجد دریابادی	۷	۱۹	۸/ستمبر ۱۹۴۱ء
۲۲۸	ایک ہندو ادیب کی وفات: پنڈت امر ناتھ ساحر دہلوی کی تعزیت	ایضاً	۸	۲۷	۹/نومبر ۱۹۴۲ء
۲۲۹	یاد ایام: ایک ہونہار جواں مرگ ادیب سجاد علی انصاری کے حالات۔ آخری ملاقات بستر مرگ پر، توبہ کی توفیق	ایضاً	۹	۳۱	۱۳/دسمبر ۱۹۴۳ء
۲۳۰	نئی تاریکیاں: شوکت تھانوی کی ترقی پسندیت سے بیزاری	ایضاً	۱	۵	۲۹/مئی ۱۹۴۴ء
۲۳۱	مولانا عبدالسلام صاحب کے مضامین: ایک بزرگ کی ناخوشی	ایضاً	۱	۳۵	۲۱/اپریل ۱۹۳۵ء
۲۳۲	سر عبدالقادر مرحوم: ایک نامور ادیب کی تعزیت	ایضاً	۱۵	۴۰	۲۴/فروری ۱۹۵۰ء
۲۳۳	ادیب کی موت: مرزا فرحت اللہ بیگ کا انتقال	ایضاً	۱۳	۲	۹/مئی ۱۹۴۷ء
۲۳۴	ایک شریف انسان: سید محفوظ علی بدایونی کا انتقال	ایضاً	۹	۲۷	۸/نومبر ۱۹۴۳ء
۲۳۵	مہدی اور یوم مہدی: مدیر صدق کا پیام۔ یوم مہدی گورکھپور کے موقع پر	ایضاً	۱۴	۱۰	۹/جولائی ۱۹۴۸ء
۲۳۶	لکھنؤ روس میں: مشہور روسی ادیب میکسم گورکی لکھنوی کرتہ پاجامہ اور ٹوپی میں	ایضاً	۸	۱	۴/مئی ۱۹۴۲ء
۲۳۷	ادب لطیف کا ارتقا: نیاز فتح پوری کی گویوں اور سازندوں کی صدارت	ایضاً	۵	۳۰	۲۹/اپریل ۱۹۴۰ء
۲۳۸	انجام نیاز:	منقول از اردو	۱۰	۲۲	۲/اکتوبر ۱۹۴۴ء
۲۳۹	غلطیہائے مضامین مت پوچھ: رسالہ ندیم میں نیاز فتحپوری کو مولانا شبلی کی شاگردی کی غلط نسبت	عبدالماجد دریابادی	۸	۷	۱۵/جون ۱۹۴۲ء
۲۴۰	سجاد حیدر مرحوم: سید سجاد حیدر یلدرم کی تعزیت	ایضاً	۸	۴۹	۲۶/اپریل ۱۹۴۳ء
۲۴۱	ایک گمنام ادیب: کہنہ مشق صاحب طرز ادیب کی گمنامی	ایضاً	۹	۱۳	۲۶/جولائی ۱۹۴۳ء

نمبر شمار	عنوان	مضمون نگار	جلد	شمارہ	تاریخ و سال
۲۴۲	شرافت کی ایک مثال: ایک ممتاز اہل قلم کا خط	عبدالماجد دریابادی	۳	۲۴	یکم جنوری ۱۹۳۸ء
۲۴۳	ہمارے ناشرین	منقول از مصنف علیگڑھ	۱۱	۵۳	۲۱/ نومبر ۱۹۴۵ء
	اردو ادب				
۲۴۴	آل انڈیا ریڈیو اور اردو	منقول از انقلاب	۵	۱۱	یکم اکتوبر ۱۹۳۹ء
۲۴۵	آئی سی ایس ادب کے معیار سے: امتحان میں اردو، عربی اور فارسی ادب لینے والوں کی معقول تعداد	عبدالماجد دریابادی	۷	۱۷	۲۵/ اگست ۱۹۴۱ء
۲۴۶	آئی سی ایس ادب کے معیار سے: انڈین سول سروس کے امتحان میں اردو کی مقبولیت	ایضاً	۷	۱۷	۲۵/ اگست ۱۹۴۱ء
۲۴۷	اپنی زبان	منقول از حقیقت	۱۵	۱۴۰	۱۲/ اگست ۱۹۴۹ء
۲۴۸	اتحاد کی کنجی: سرسپرو کا اردو کے بارے میں ارشاد	عبدالماجد دریابادی	۳	۳۱	۲۱/ مارچ ۱۹۳۸ء
۲۴۹	ادارہ ادبیات اردو دکن اور اردو فیلو شپ	معتمد ادارہ ادبیات اردو حیدر آباد	۱۲	۱۱	۱۴/ جولائی ۱۹۵۰ء
۲۵۰	ادب اور "نیا ادب"	منقول از برہان دہلی	۷	۵	۲/ جون ۱۹۴۱ء
۲۵۱	ادب برائے......	منقول از پیام ادب	۹	۴۷	۱۰/ اپریل ۱۹۴۴ء
۲۵۲	ادب جدید	منقول از حقیقت	۹	۳۵	۱۷/ جنوری ۱۹۴۴ء
۲۵۳	ادب خبیث: حیدر آباد کے ایک ادبی رسالہ میں نئے ادب کی مذمت	عبدالماجد دریابادی	۱۱	۹	۹/ جون ۱۹۴۵ء
۲۵۴	ادب صالح: عریاں نگاری اور ترقی پسندی کے خلاف مضمون	ایضاً	۱۱	۱۹	۱۹/ جولائی ۱۹۴۵ء
۲۵۵	ادب کے نام سے بے ادبیاں: معارف کا اظہار خیال نئے ادب کی عریانی کے بارے میں	ایضاً	۸	۳۵	۱۱/ جنوری ۱۹۴۳ء
۲۵۶	ادب لطیف	منقول از پیام	۲	۱۹	۱۶/ ستمبر ۱۹۳۰ء
۲۵۷	ادب لطیف	منقول از پیام	۷	۱۵	۱۱/ اگست ۱۹۴۱ء
۲۵۸	ادب میں عریانی	اسلم عمر گونڈہ	۱۳	۱۸	۱۲/ ستمبر ۱۹۴۷ء
۲۵۹	ادبیات جنسی: جنسی کتابوں کے لکھنے کے لیے علم و تحقیق کی ضرورت	عبدالماجد دریابادی	۷	۴۸	۲۰/ اپریل ۱۹۴۲ء

نمبر شمار	عنوان	مضمون نگار	جلد	شمارہ	تاریخ و سال
۲۶۰	ادبی سانپ اور بچھو: مولانا مناظر احسن گیلانی کا خط مسموم ادبی کتابوں کے متعلق	عبدالماجد دریابادی	۶	۳۲	۱۴راپریل ۱۹۴۱ء
۲۶۱	ادبی فتنہ: رسالہ ادب لطیف میں دو ملحدانہ نظموں کی اشاعت	ایضاً	۸	۳۷	یکم فروری ۱۹۴۳ء
۲۶۲	ادبی کام: دارالادب بریلی کو مدیر صدق کا پیام	ایضاً	۱۰	۴۱	۵رمارچ ۱۹۴۶ء
۲۶۳	ادبی مسخرہ پن (ترقی پسندی ایک ماہر کی نظر میں)	قمر بہاری از بھساول	۱۰	۱۷	۲۳راگست ۱۹۴۴ء
۲۶۴	اردو اٹلی میں: وزیر ہند کی ایک گورکھا سپاہی سے اردو میں بات چیت	عبدالماجد دریابادی	۱	۲۵	۲۳راکتوبر ۱۹۲۴ء
۲۶۵	اردو اخبارات کا بائیکاٹ	منقول از حقیقت لکھنؤ	۱۳	۳۱	۱۹ردسمبر ۱۹۴۷ء
۲۶۶	اردو انسائیکلو پیڈیا: حیدر آباد میں اردو انسائیکلو پیڈیا مرتب کرنے کی تیاریاں	عبدالماجد دریابادی	۶	۴۱	۳رمارچ ۱۹۴۱ء
۲۶۷	اردو انسائیکلو پیڈیا: ادارہ ادبیات حیدر آباد کا منصوبہ	ایضاً	۷	۲	۱۲رمئی ۱۹۴۱ء
۲۶۸	اردو انسائیکلو پیڈیا: مجوزین کی طرف سے اغراض و مقاصد کی وضاحت	ایضاً	۷	۹	۳۰رجون ۱۹۴۱ء
۲۶۹	اردو اور پنجاب: اردو کو پنجاب کی سب سے مقبول عام زبان ہونے کا سرٹیفکیٹ ایک ہندو کی طرف سے	ایضاً	۶	۴۲	۱۰رمارچ ۱۹۴۱ء
۲۷۰	اردو اور تعلیم قرآن	منقول از مدینہ	۱۴	۳۳	۱۸رمارچ ۱۹۴۹ء
۲۷۱	اردو اور راجہ جی	منقول از دنیائے دکن	۱۵	۳۶	۲۷رجنوری ۱۹۵۰ء
۲۷۲	اردو اور سوشلسٹ پارٹی	منقول از اجمل، بمبئی	۱۵	۳۸	۱۰رفروری ۱۹۵۰ء
۲۷۳	اردو اور قربانی	اقبال احمد، بریلی	۱۳	۲۸	۲۱رنومبر ۱۹۴۷ء
۲۷۴	اردو اور کانگریس (یوپی کانگریس کی اردو دشمنی)	عبدالماجد دریابادی	۴	۲۲	۱۵ردسمبر ۱۹۳۸ء
۲۷۵	اردو اور لکھنؤ: لکھنؤ میونسپل بورڈ کی تنگ نظری	ایضاً	۱۳	۲۲	۱۰راکتوبر ۱۹۴۷ء
۲۷۶	اردو و ناگری پر گاندھی جی کے آخری خیالات	منقول از حقیقت	۱۳	۴۳	۱۲رمارچ ۱۹۴۸ء
۲۷۷	اردو و ناگری حرفوں کے نام	منقول از نئی روشنی	۱۵	۲۳	۲۱رنومبر ۱۹۴۹ء
۲۷۸	اردو اور ہندو: ملک میں خاصے اردو اخبارات ہندی ملکیت میں	عبدالماجد دریابادی	۱	۵	۲۱رجون ۱۹۳۵ء

نمبر شمار	عنوان	مضمون نگار	جلد	شمارہ	تاریخ وسال
۲۷۹	اردو اور یوم اردو (اردو کی حمایت ہندوؤں کی طرف سے)	عبدالماجد دریابادی	۴	۲۳	یکم جنوری ۱۹۳۹ء
۲۸۰	اردو ایڈیٹرس کانفرنس	منقول از ریاست دہلی	۱۰	۱۲	۱۷؍جولائی ۱۹۴۴ء
۲۸۱	اردو برما میں: برطانوی ہوائی جہازوں کے برما میں اردو میں لکھے پرچوں کی بارش	عبدالماجد دریابادی	۱۰	۳۸	۱۲؍فروری ۱۹۴۵ء
۲۸۲	اردو بطور گالی کے: ایک ہندو وکیل پر اردو میں درخواست دینے پر بدایوں کے مجسٹریٹ کا غصہ	ایضاً	۱۵	۷	۱۷؍جون ۱۹۴۹ء
۲۸۳	اردو بگاڑ محاذ جنگ (۱)	منقول از ہماری آواز	۱۶	۱۳	۴؍اگست ۱۹۵۰ء
۲۸۴	اردو بگاڑ محاذ جنگ (۲)	منقول از ہماری آواز	۱۶	۱۴	۱۱؍اگست ۱۹۵۰ء
۲۸۵	اردو بیزاری: کانگریس کا اردو مخالف رویہ	عبدالماجد دریابادی	۱۱	۹۳	۲۱؍اپریل ۱۹۴۶ء
۲۸۶	اردو پر ایک اور وار: کانگریس کی تجویز لسانی صوبوں کے بارے میں	ایضاً	۴	۱۵	۲۱ ستمبر ۱۹۳۵ء
۲۸۷	اردو پر مزید روشنی: اردو کی قدامت، جامعیت اور وحدت کے بارے میں ایک فرنگی محقق کی تحقیق	ایضاً	۳	۱۳	یکم ستمبر ۱۹۳۷ء
۲۸۸	اردو تعلیم اور سیاست میں	منقول از ہماری زبان	۱۲	۴۳	۳؍جنوری ۱۹۴۷ء
۲۸۹	اردو ترکی میں: ترکی کے تعلیمی نصاب میں اردو کی شمولیت	عبدالماجد دریابادی	۱۵	۱۹	۱۶؍ستمبر ۱۹۴۹ء
۲۹۰	اردو ٹیچروں کی فریاد	منقول از قومی آواز	۱۵	۴۷	۱۴؍اپریل ۱۹۵۰ء
۲۹۱	اردو جزائر امریکہ میں: ویسٹ انڈیز میں اردو میں نشریہ	عبدالماجد دریابادی	۸	۲۱	۲۱؍ستمبر ۱۹۴۲ء
۲۹۲	اردو حروف تہجی: اصلاح کی ایک بے معنی تجویز	ایضاً	۳	۶	۲۱؍جون ۱۹۳۷ء
۲۹۳	اردو دشمنی	منقول از الجمعیۃ	۱۴	۱۰	۹؍جولائی ۱۹۴۸ء
۲۹۴	اردو دشمنی	منقول از الجمعیۃ	۱۴	۳۵	یکم اپریل ۱۹۴۹ء
۲۹۵	اردو رسم خط: بہار کے ایک مسلمان اخبار کا اردو رسم خط پر بیجا اعتراض	عبدالماجد دریابادی	۱	۳	یکم جون ۱۹۳۵ء
۲۹۶	اردو رسم خط: ایک روشن خیال ایڈیٹر کی لغو تجویز	ایضاً	۳	۳	۲۱؍مئی ۱۹۳۷ء
۲۹۷	اردو رسم خط: غلطیہائے مضامین مت پوچھ	ایضاً	۳	۴	یکم جون ۱۹۳۷ء
۲۹۸	اردو روس میں: حکومت روس کے شعبہ مشرقی کا				

نمبر شمار	عنوان	مضمون نگار	جلد	شمارہ	تاریخ و سال
	التفات اردو کے ساتھ	عبدالماجد دریابادی	۸	۳۵	۲۹/مارچ ۱۹۴۳ء
۲۹۹	اردو زبان: ایک متعصب ہندو کا اردو زبان پر بیجا الزام	ایضاً	۷	۳۱	۲/مارچ ۱۹۴۲ء
۳۰۰	اردو زبان اور رسم خط: اردو رسم خط کی اہمیت	ایضاً	۱۵	۳۹	۲۸/اپریل ۱۹۵۰ء
۳۰۱	اردو زبان کی قومی حیثیت	منقول از پیام	۱۱	۵۲	۱۳/نومبر ۱۹۴۵ء
۳۰۲	اردو سجاد علی	سکریٹری انجمن	۱۵	۲۹	۹/دسمبر ۱۹۴۹ء
۳۰۳	اردو سے دشمنی	منقول از حقیقت	۱۳	۴۳	۱۲/مارچ ۱۹۴۸ء
۳۰۴	اردو سے ضد: بھوپال میں اردو کی جگہ انگریزی اصطلاح	عبدالماجد دریابادی	۱۵	۱۰	۸/جولائی ۱۹۴۹ء
۳۰۵	اردو سے عناد	منقول از ہمدم	۱۴	۳	۳۱/مئی ۱۹۴۸ء
۳۰۶	اردو عراق میں: مولانا مسعود عالم کی شہادت اردو کی مقبولیت کے بارے میں	عبدالماجد دریابادی	۱۶	۹	۳۰/جون ۱۹۵۰ء
۳۰۷	اردو کا حشر: اردو کے مسئلہ پر مولانا ابوالکلام کا مسودہ دستور کمیٹی سے استعفےٰ		۱۵	۱۸	۹/ستمبر ۱۹۴۹ء
۳۰۸	اردو کا خاتمہ	منقول از ہمدم	۱۴	۱۰	۹/جولائی ۱۹۴۸ء
۳۰۹	اردو کا راج: ہندوستان کے طول و عرض میں اردو کی ہمہ گیری	عبدالماجد دریابادی	۹	۱۳	۲۶/جولائی ۱۹۴۳ء
۳۱۰	اردو کا مستقبل: حکومت یوپی سے اردو کے حقوق منوانے کی ضرورت	ایضاً	۱۵	۳۷	۳/فروری ۱۹۵۰ء
۳۱۱	اردو کا نصیبہ: الٰہ آباد یونیورسٹی کی جبلی کے موقع پر اردو والوں کی سرفرازی	ایضاً	۳	۲۴	یکم جنوری ۱۹۳۸ء
۳۱۲	اردو کا ہوّا: اردو کشی کے خلاف رگھوپتی سہائے کا مضمون	ایضاً	۱۵	۴۰	۲۴/فروری ۱۹۵۰ء
۳۱۳	اردو کشی	منقول از اجمل	۱۴	۲۸	۱۱/فروری ۱۹۴۹ء
۳۱۴	اردو کشی اور گاندھی جی: گاندھی جی کا یوپی میں اردو زبان و رسم الخط کو ختم کرنے پر اظہار تاسف	عبدالماجد دریابادی	۱۳	۲۴	۲۴/اکتوبر ۱۹۴۷ء
۳۱۵	اردو کشی ایک مسلمان کے ہاتھ سے (ریاست جے پور				

نمبر شمار	عنوان	مضمون نگار	جلد	شمارہ	تاریخ وسال
	میں اردو کے سلسلہ میں)	ڈاکٹر عبدالحق سکریٹری انجمن ترقی اردو	۸	۳۶	۵راپریل ۱۹۴۳ء
۳۱۶	اردو کشتی پر مبارکباد: صدر دستور ساز اسمبلی کی اردو کشتی پر مبارکباد	عبدالماجد دریابادی	۱۵	۲۱	۳۰رستمبر ۱۹۴۹ء
۳۱۷	اردو کشتی کانگریس نگر میں: گاندھی نگر جے پور میں اردو کا نشان غائب	ایضاً	۱۴	۲۲	۳۱ردسمبر ۱۹۴۸ء
۳۱۸	اردو کشی کی مہم: آگرہ کالج سے اردو اور فارسی کا اخراج	ایضاً	۱۴	۵	۴رجون ۱۹۴۸ء
۳۱۹	اردو کو مٹانے کی مہم	منقول از حقیقت	۱۴	۹	۲رجولائی ۱۹۴۸ء
۳۲۰	اردو کہاں نہیں	منقول از ہماری زبان	۸	۲۴	۱۹راکتوبر ۱۹۴۲ء
۳۲۱	اردو کی آسانیاں: اردو املا کے بارے میں ایک غیر مسلم کا تجربہ	عبدالماجد دریابادی	۱۱	۲۷	۱۴راگست ۱۹۴۵ء
۳۲۲	اردو کی اولیت: انگریزی فوجی رسالہ میں اردو کی مقبولیت کا اعتراف	ایضاً	۹	۲۹	۲۲رنومبر ۱۹۴۳ء
۳۲۳	اردو کی ایک اہم خدمت: اردو انسائیکلوپیڈیا کی تیاری	ایضاً	۷	۸	۲۳رجون ۱۹۴۱ء
۳۲۴	اردو کی ایک شاخ: ملاحوں کی زبان	ایضاً	۱۰	۱۴	۳۱رجولائی ۱۹۴۴ء
۳۲۵	اردو کی بے چارگی	منقول از سوراجیہ و کانفرنس گزٹ	۱۳	۳۵	۱۶رجنوری ۱۹۴۸ء
۳۲۶	اردو کی تعلیم کا انتظام کہاں	منقول از قومی آواز	۱۶	۱۱	۱۴رجولائی ۱۹۵۰ء
۳۲۷	اردو کی جلاوطنی: یوپی سے اردو کا اخراج	عبدالماجد دریابادی	۱۳	۳۷	۲۳رجنوری ۱۹۴۸ء
۳۲۸	اردو کی جہانداری: مصر، سوڈان وغیرہ میں اردو کی مقبولیت	ایضاً	۷	۱۹	۸رستمبر ۱۹۴۱ء
۳۲۹	اردو کی جہانگیری (بیرونی ممالک میں اردو کا چلن)	ایضاً	۴	۲۲	۱۵ردسمبر ۱۹۳۸ء
۳۳۰	اردو کی جہانگیری: اردو یا ہندوستانی کی دنیا میں مقبولیت کا اعتراف اخبار اسٹیٹسمین کے انگریز نامہ نگار کی زبان سے	ایضاً	۷	۱۱	۱۴رجولائی ۱۹۴۱ء

نمبر شمار	عنوان	مضمون نگار	جلد	شمارہ	تاریخ و سال
۳۳۱	اردو کی جہانگیری: سپہ سالار ہند کی اردو میں تقریر	عبدالماجد دریابادی	۱۱	۳۹	۲۹ر ستمبر ۱۹۴۵ء
۳۳۲	اردو کی حکمرانی: آل انڈیا کانگریس کے اجلاس میں ترانہ ہندی کی گونج	ایضاً	۸	۱۸	۳۱ر اگست ۱۹۴۲ء
۳۳۳	اردو کی خدمت: مولوی عبدالحق صاحب کی مساعی	ایضاً	۳	۳۱	۲۱ر مارچ ۱۹۳۸ء
۳۳۴	اردو کی خوش نصیبی: وزیر تعلیم یوپی کا اردو میں خط ایڈیٹر قومی آواز کے نام	ایضاً	۱۲	۳	۸ر مئی ۱۹۴۶ء
۳۳۵	اردو کی دادرسی: اردو کی مظلومیت کی طرف سرکار و پریس کی توجہ کی ضرورت	ایضاً	۱۵	۴۹	۲۸ر اپریل ۱۹۵۰ء
۳۳۶	اردو کی صلاحیتیں: اعلیٰ ریاضیات کی تعلیم اردو میں دینے کا دعویٰ	ایضاً	۱۵	۴۸	۲۱ر اپریل ۱۹۳۸ء
۳۳۷	اردو کی عالمگیری: بنکاک ریڈیو سے ہندوستانی زبان میں نشریہ	ایضاً	۶	۱۴	۱۲ر اگست ۱۹۴۰ء
۳۳۸	اردو کی عالمگیری: ایشیائی ملکوں میں مقبولیت	ایضاً	۱۳	۵	۶ر جون ۱۹۴۷ء
۳۳۹	اردو کی فاتحہ خوانی	مہیش پرشاد	۱۵	۱۶	۲۶ر اگست ۱۹۴۹ء
۳۴۰	اردو کی قسمت: ہندوستان کے دستور اساسی میں اردو کے لیے جگہ نہیں	عبدالماجد دریابادی	۱۳	۴۳	۱۲ر مارچ ۱۹۴۸ء
۳۴۱	اردو کی کس میرسی: ہندوستانی پرچار سبھا کو اردو کے نظر انداز کرنے پر گورنر جنرل ہند کی تلقین	ایضاً	۱۴	۱۵	۱۳ر اگست ۱۹۴۸ء
۳۴۲	اردو کی مقبولیت: لندن میں سبھاش چندر بوس کی تقریر اردو میں	ایضاً	۳	۲۷	یکم فروری ۱۹۳۸ء
۳۴۳	اردو کی ہمہ گیری: لندن میں ایک ڈچ سے معاملت اردو کے ذریعہ	ایضاً	۲	۳۵	۲۱ر اپریل ۱۹۳۷ء
۳۴۴	اردو کی ہمہ گیری: لندن میں اردو کی قدر	ایضاً	۴	۹	۳۱ر جولائی ۱۹۳۸ء
۳۴۵	اردو کی ہمہ گیری	منقول از ہماری زبان	۹	۲۰	۱۳ر ستمبر ۱۹۴۳ء
۳۴۶	اردو کی ہمہ گیری: برطانوی فوجی افسروں کی اردو امتحان میں کامیابی	عبدالماجد دریابادی	۱۰	۳۶	۲۹ر جنوری ۱۹۴۵ء

نمبر شمار	عنوان	مضمون نگار	جلد	شمارہ	تاریخ و سال
۳۴۷	اردو کی ہمہ گیری: ہندوستانی سپاہیوں کے لیے اردو ترجمان کی ضرورت	عبدالماجد دریابادی	۱۱	۱	۷ر مئی ۱۹۴۵ء
۳۴۸	اردو کی ہمہ گیری: انگریزی اور گورکھا سپاہیوں کی اردو دانی	ایضاً	۱۱	۲۸	۱۸ر اگست ۱۹۴۵ء
۳۴۹	اردو کی ہندوستان گیری: اردو کو ہندوستان کی مشترک زبان کا سرٹی فیکیٹ بنارس یونیورسٹی کے وائس چانسلر کی زبان سے	ایضاً	۹	۳۶	۲۴ر جنوری ۱۹۴۳ء
۳۵۰	اردو کی یتیمی: یوپی اسمبلی کی کارروائی صرف ہندی میں	ایضاً	۱۳	۴۷	۱۴ر نومبر ۱۹۴۷ء
۳۵۱	اردو کے ترقی پسند	منقول از پیام	۱۳	۳۵	۱۶ر جنوری ۱۹۴۸ء
۳۵۲	اردو کے لیے کام: ایک ممتاز اردو اہل قلم کا خط	عبدالماجد دریابادی	۱۴	۹	۲ر جولائی ۱۹۴۸ء
۳۵۳	اردو کے لیے لاطینی رسم الخط	عبدالقدوس ہاشمی	۴	۱۰	یکم اگست ۱۹۳۵ء
۳۵۴	اردو کے لیے لاطینی رسم الخط: منقول از رہبر دکن حیدر آباد	ایضاً	۴	۱۱	۱۱ر اگست ۱۹۳۸ء
۳۵۵	اردو کے ہواخواہوں سے: اردو تعلیم کی دشواریوں کو دور کرنے کا عملی طریقہ	عبدالماجد دریابادی	۱۵	۴۲	۱۰ر مارچ ۱۹۵۰ء
۳۵۶	اردو کے ہواخواہوں سے: اردو کی تعلیم میں دشواریوں کے خلاف عملی کارروائی کی ضرورت	ایضاً	۱۵	۴۱	۳ر مارچ ۱۹۵۱ء
۳۵۷	اردو کے ہواخواہوں سے ایک سوال: اردو کا جائز حق دلانے کے لیے جائز آئینی طریقوں کا استعمال	ایضاً	۱۶	۵	۲ر جون ۱۹۵۰ء
۳۵۸	اردو لکھاوٹ: ایک اچھوت لیڈر کے قلم سے	ایضاً	۱۴	۲۳	۷ر جنوری ۱۹۴۹ء
۳۵۹	اردو لندن میں: ایک فوجی انگریز کی لندن میں اردو میں تقریر	ایضاً	۳	۴	یکم جون ۱۹۳۷ء
۳۶۰	اردو لندن میں: لندن کے ہندوستانیوں کے جلسہ میں وزیر ہند کی اردو تقریر	ایضاً	۸	۲	۸ر جون ۱۹۴۲ء
۳۶۱	اردو لندن و پیرس کے درمیان: دوران جنگ اہم تار فرانس کا برطانیہ کے نام اردو میں	ایضاً	۱۶	۷	۱۶ر جون ۱۹۵۰ء

نمبر شمار	عنوان	مضمون نگار	جلد	شمارہ	تاریخ و سال
۳۶۲	اردو مصر میں: مصر میں اردو کی مقبولیت	عبدالماجد دریابادی	۷	۷	۱۶ر جون ۱۹۴۱ء
۳۶۳	اردو میری اپنی زبان ہے: پنڈت کشن پرشاد کول کی ترقی پسند ادیبوں کی کانفرنس میں تقریر	ایضاً	۱۳	۳۶	۲۳ر جنوری ۱۹۴۸ء
۳۶۴	اردو میں ہندی: اردو میں ہندی و سنسکرت الفاظ کی کثرت	ایضاً	۱۱	۶۵	۹ر جنوری ۱۹۴۶ء
۳۶۵	اردو میں ہندی: اردو لغت میں ہندی و سنسکرت الفاظ	ایضاً	۱۳	۳۴	۹ر جنوری ۱۹۴۸ء
۳۶۶	اردو میں ہندی: اردو لغت میں ہندی و سنسکرت الفاظ کی اکثریت	ایضاً	۱۴	۱۹	۱۰ر دسمبر ۱۹۴۸ء
